AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE

جھوٹ کیخلاف A.B.C CERTIFIED سچ کی طاقت

DAILY MASAFAT LAHORE

روزنامہ مسافت لاہور

بانی
اصغر علی جٹ (مرحوم)

ایگزیکٹوایڈیٹر
چوہدری اکرم مجید

چیف ایڈیٹر
مسزراحت آراء

ایڈیٹر
حیدرعلی بھٹی

قیمت 10 روپے

جلدنمبر24 | منگل25رجب المرجب1445ھ 6فروری2024ء 24ماگھ 2079ب | شمارہ نمبر239

پاکستان کو دوبارہ تعمیر کریں گے' نوازشریف

مجھے ساری زندگی کے لئے نکالنے والے خود استعفے دے رہے ہیں' ہمارے دور میں مہنگائی کم تھی عوام خوشحال تھے، پھر بتاؤ مجھے کیوں نکالا، جس نے مجھے نکالا اس نے اچھا کیا یا برا کیا؟، مجھے تو نکال دیا پھر لائے کس کو؟

جس نے کہا میں ایک کروڑ نوکریاں دوں گا، بتاؤ کسی کو نوکری ملی، وہ کٹے وچھے کہاں گئے، وہ مرغیاں انڈے کہاں چلے گئے، کسی کو گھر ملا؟ بڑی خواہش ہے راولپنڈی، اسلام آباد سے مری تک ٹرین لے کر آئیں، مظفر آباد تک جائے

مری (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائدنوازشریف نے کہاہے کہ مجھےتواپنی طرف سے ساری زندگی کے لئے نااہل کر دیا گیا تھا لیکن میں آج آپ کے سامنے کھڑاہوں، مجھے ساری زندگی کے لئے نکالنے والے آج خود استعفے دے کر گھر جارہے ہیں ،کچھ دال میں کالا ہے ناں ،جس(بقیہ نمبر 54)

پیپلزپارٹی کا ن لیگ سے اتحاد مشکل، یہ ووٹ کو عزت دو والی نہیں رہی، بلاول بھٹو

ن لیگ سے کسی صورت اتحادنہیں ہوسکتا، موقع آگیا ہے ملک کی قیادت ایک نئی نسل کو منتقل کردیں' پاکستان کی جمہوریت کے ارتقاپر مزید کام کرنے کی ضرورت ہے اس کے لیے پہلا قدم سیاستدانوں کو اٹھانا پڑے گا

نوازشریف انتخابات میں گڑبڑ کرنے کیلئے انتظامیہ پر دباؤ ڈال رہے ہیں، خبردار کرتا ہوں ایسا کچھ نہیں ہونا چاہیے، امید ہے نگران حکومت اور انتظامیہ ایسا کوئی قدم نہیں اٹھائے گی' سابق وزیر خارجہ' پی پی چیئرمین

لاہور (این این آئی) سابق وزیرخارجہ وچیئرمین پیپلزپارٹی بلاول بھٹوزرداری نےمسلم لیگ (ن) کے قائدنوازشریف پرانتخابات کے دوران گڑبڑکرنے کے لیےانتظامیہ پر پریشرڈالنے کاالزام عائدکرتے ہوئے واضح کیاہے کہ مسلم لیگ (ن) سے کسی صورت اتحاد نہیں ہوسکتا، پاکستان کی جمہوریت کے ارتقاپرمزیدکام کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے لیے پہلا قدم سیاستدانوں کو اٹھانا پڑے گا۔امریکی نشریاتی ادارے وائس آف امریکہ سے خصوصی گفتگو میں بلاول بھٹونے کہا کہ مسلم لیگ (ن) سے کسی صورت اتحاد نہیں ہوسکتا، مسلم لیگ (ن) امیرالمومنین کا خواب دیکھنے والی جماعت بن چکی ہے۔انہوں نے کہاکہ نوازشریف سمجھتے ہیں کہ کچھ ایسی سیاسی جماعتیں ہیں جنہیں جتوایا جائےتووہ مسلم لیگ(ن) کوسپورٹ کریں گے، تو مجھے خبریں ملی ہیں کہ نواز شریف گڑبڑ(بقیہ نمبر 53)

مری، مسلم لیگ ن کے قائد میاں نوازشریف انتخابی جلسے سے خطاب کررہے ہیں

مسئلہ کشمیرحل کئےبغیر دنیامیں امن کی ضمانت نہیں دی جاسکتی' شہبازشریف

5فروری کشمیریوں کی آزادی تک ان کی حمایت جاری رکھنے کے پختہ عزم کی تجدید کا دن ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدرشہبازشریف نے کہاہے کہ مسئلہ کشمیرحل کئے بغیر دنیامیں امن کی ضمانت نہیں دی جاسکتی، 5فروری کشمیریوں کی آزادی تک ان کی حمایت جاری رکھنے کے ہمارے پختہ عزم کی تجدیداور دنیا کومقبوضہ جموں و کشمیر کےعوام کے ساتھ استصواب رائے کا وعدہ یاد دلانے کادن ہے۔یوم یکجہتی کشمیرکے موقع پراپنے پیغام میں شہبازشریف نے کہا کہ پورا (بقیہ نمبر 28)

بھارتی کارروائیاں کشمیریوں کے جذبہ حریت کو پست نہیں کرسکتیں، محسن نقوی

مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی حکومت کی جانب سے بنیادی حقوق کی پامالی، بے رحمانہ قتل، عصمت دری اور تشدد کا سلسلہ جاری ہے

7دہائیاں گزرنے کے باوجود مسئلہ کشمیرابھی تک حل طلب ہے، یہ مہذب دنیا کیلئے لمحہ فکریہ ہے' نگراں وزیراعلیٰ کا یوم کشمیر پر پیغام

لاہور(این این آئی) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے کہاہے کہ بھارتی کارروائیاں کشمیریوں کے جذبہ حریت کو پست نہیں کرسکتیں۔ایک پیغام میں وزیراعلیٰ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ یوم یکجہتی کشمیر پر واضح پیغام دینا چاہتا ہوں کشمیری ہمارے بھائی ہیں اور ہم ہر حال میں ان کے ساتھ ہیں،(بقیہ نمبر 29)

اسرائیلی حملوں میں فلسطینی شہادتوں کی تعداد27365ہوگئی

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران127 فلسطینی شہید،178زخمی ہوئے، بیان

مقبوضہ غزہ (این این آئی)غزہ کی وزارت صحت نے کہاہے کہ سات اکتوبر سے غزہ پراسرائیلی حملوں میں کل 27,365 فلسطینی شہید اور 66,630زخمی ہو چکے ہیں۔غیرملکی خبررساں ادارے وزارت نے مزید کہا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران تقریبا 127(بقیہ نمبر30)

پی پی160 سے پیپلزپارٹی کے امیدوار مصباح الرحمٰن کیخلاف نااہلی کی درخواست دائر

لاہور(این این آئی) پنجاب کے صوبائی حلقہ پی پی 160 سے پیپلز پارٹی کے امیدوار مصباح الرحمٰن کے خلاف نااہلی کی درخواست (بقیہ نمبر 59)

نگراں وزیراعظم انوارالحق کاکڑ وزیراعظم آزادکشمیر کے ہمراہ یوم کشمیر سے خطاب کررہے ہیں

انتخابات کی آن لائن مانیٹرنگ کیلئے آئی جی آفس میں وڈیو وال قائم

لاہور(این این آئی)عام انتخابات کی آن لائن مانیٹرنگ کیلئے آئی جی آفس میں وڈیو وال بنانے پرکام شروع کر دیا گیا۔(بقیہ نمبر32)

مسلح افواج کا کشمیریوں کے عزم اور جدوجہد کو خراج تحسین

آزادی کی جرات مندانہ جدوجہد سے کامیابی کشمیری عوام کا مقدر ہے' آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پرمسلح افواج کی جانب سے بھی کشمیریوں کوان کے عزم اور دلیرانہ جدوجہد پر خراج تحسین پیش کیا گیا ہے۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کا کہنا ہے کہ کشمیری قابض افواج کی جانب سے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا (بقیہ نمبر33)

ڈیرہ اسماعیل خان، دہشتگردوں کا تھانہ چودھوان پر حملہ، 10اہلکار شہید، 6زخمی

دہشتگردوں نے رات گئے بھاری ہتھیاروں سے حملہ کیا،عمارت پرتعینات اہلکاروں کواسنائپر سے نشانہ بنایا،اہلکاروں' دہشتگردوں کے درمیان ڈھائی گھنٹے تک فائرنگ کا تبادلہ ہوا

دہشتگردوں نے اندر گھس کر دستی بموں کا استعمال کیا، فائرنگ بھی کی' پولیس لائن سے بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا، تھانہ حدود میں سرچ آپریشن شروع

ڈی آئی خان(این این آئی) خیبر پختونخواہ کے علاقے ڈیرہ اسماعیل خان میں تھانہ چودھوان پر دہشتگردوں نے حملہ کردیا جس کے نتیجے میں 10 پولیس اہلکار شہید اور 6زخمی ہوگئے۔ریجنل پولیس آفیسر ناصر محمود نے بتایا کہ رات گئے دہشتگردوں نے بھاری ہتھیاروں سے تھانہ چودھوان پر حملہ کیا۔پولیس کے مطابق پولیس اہلکاروں اور دہشتگردوں کے درمیان ڈھائی گھنٹے تک فائرنگ کا تبادلہ جاری رہا، دہشتگردوں کی فائرنگ سے 10 پولیس اہلکار شہید جبکہ 6اہلکار زخمی ہوگئے، زخمیوں اور لاشوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کواٹر ہسپتال منتقل کردیا گیا۔پولیس لائن سے بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیااور تھانہ چودھوان کی حدود میں سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا۔ہسپتال ذرائع کے مطابق حملے میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں میں محمد اسلم، غلام فرید، محمد جاوید، محمد ادریس، محمد عمران، صفدر، اے ایس (بقیہ نمبر31)

انتخابات میں التوا سے متعلق تمام قیاس آرائیاں دم توڑ جائیں گی' انوارالحق کاکڑ

اپنی آئینی ذمہ داری پوری کر دی'8فروری کے انتخابات کے بعدنئی حکومت تشکیل پائے گی، نگران حکومت رخصت ہو جائے گی' ہماری جمہوریت فروغ پارہی ہے

دہشتگردی سنجیدہ مسئلہ' اضافہ افغانستان سے امریکی اور نیٹو افواج کے انخلا کی بعد سے ہوا، جنہوں نے جدید ہتھیار چھوڑے جو دہشتگرد گروہوں کے قبضے میں آ گئے

اسلام آباد(این این آئی) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑنے کہاہے کہ 8 فروری کیا انتخابات کے بعدنئی حکومت تشکیل پائے گی، نگران حکومت رخصت ہوجائے گی ، انتخابات میں التوا سے متعلق تمام قیاس آرائیاں دم توڑ جائیں گی، اپنی آئینی ذمہ داری پوری کردی ہے، پہلے دن سے ہی ہمیں اس میں کوئی شک نہیں تھا کہ انتخابات وقت پر ہوں گے ۔ ایک نجی ٹی وی کوانٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نگران حکومت نے اپنی آئینی ذمہ داری پوری کر دی ہے اور آئین کے مطابق اپنے فرائض سرانجام دیئے اور وہ اپنی مدت کے دوران کیے گئے تمام فیصلوں کی ذمہ داری قبول کریں گے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اگرچہ کچھ خامیاں اور کمزوریاں ہیں تاہم ہماری جمہوریت فروغ پارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ انتخابات کے بعد پارلیمنٹ تشکیل دی جائے گی اور معاشرے کے مختلف طبقوں کی (بقیہ نمبر34)

WE WANT FREEDOM
Kashmir Seeks Attention

کراچی، ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن ایسٹ کے زیراہتمام یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ریلی نکالی جارہی ہے

سازش کے تحت نوازشریف کو ہٹا کر پاکستان کو پیچھے کی جانب دھکیلا گیا' رانا ثنا

فیصل آباد(این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) پنجاب کے صدر وسابق وفاقی (بقیہ نمبر57)

مقبوضہ کشمیر پاکستان کا حصہ بن کر رہے گا' پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم

لاہور (این این آئی) نگران صوبائی وزیر صحت پروفیسر ڈاکٹر جاویداکرم نے یوم یکجہتی (بقیہ نمبر58)

الیکشن ایکٹ کے تحت پہلا مقدمہ چوہدری نثار کے حامیوں کیخلاف درج

ایکٹ کے تحت مقدمہ لیگی کارکن تنویر حسین کی مدعیت میں راولپنڈی کے تھانہ چکری میں درج کیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے امیدواروں این اے 53 -اور پی پی 10- کی انتخابی مہم چلانے والے کارکن کی درخواست پرالیکشن ایکٹ کے تحت پہلامقدمہ سابق وزیرداخلہ چوہدری نثار گروپ کے کارکنوں کے خلاف درج کرلیا گیا۔الیکشن (بقیہ نمبر 35)

خدشہ ہے ن لیگ کے کارندے خون خرابے کی سازش کرینگے' پلوشہ خان

عطا تارڑجعلی امیدوار' لاہورمیں بلاول کے ایک حلقے نے (ن) لیگ کی نیندیں حرام کردیں

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان پیپلزپارٹی کی سینئر رہنما سینیٹر پلوشہ خان نے کہاہے کہ خدشہ ہے (ن) لیگ اور ان کے کارندے خون خرابے کی سازش کریں گے، (ن) لیگ سے(بقیہ نمبر36)

سوچ' وقت بدل رہا' اچھے دن جلدواپس لوٹیں گے' مریم اورنگزیب

پاکستان کونواز دو کا نعرہ ہر بچے کی زبان پر آ چکا ہے' مرکزی سیکرٹری اطلاعات (ن) لیگ

لاہور(این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ سوچ اور وقت بدل رہا ہے، اچھے دن جلد ہی واپس لوٹیں گے۔پاکستان کونواز (بقیہ نمبر 37)

edia Helpline

اسلام آباد، نگران وزیراطلاعات مرتضیٰ سولنگی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

ووٹ صرف کاغذ کا ٹکڑا نہیں ملک کے مستقبل کا فیصلہ ہے' مریم نواز

مری کی ترقی پرنوازشریف کا نام لکھاہے، گزشتہ 5 سالوں میں مری میں مختلف مافیاز کولایا گیا، مری کے لوگوں نے مافیاز کو یہاں سے بھگانا ہے

گزشتہ حکومت میں لوگ یہاں موسم کی سختی کی وجہ سے مرتے رہے، بے حس حکمرانوں کے کان پرجوں تک نہیں رینگی' سینئر نائب صدر مسلم لیگ ن

مری (مانیٹرنگ ڈیسک) سینئر نائب صدر مسلم لیگ ن مریم نوازشریف نے کہاہے کہ ووٹ کی پرچی صرف کاغذ کا ٹکڑا نہیں بلکہ ملک کے مستقبل کا فیصلہ ہوتا ہے۔سینئر نائب صدر مسلم لیگ ن مریم نوازشریف نے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں نے کبھی مری کے کسی جلسے میں اتنی خواتین نہیں دیکھیں ، مری والو! پہلی بار برفباری میں اتنا بڑا جلسہ ہوتے دیکھا ہے، کل جب مری آئے تو برفباری ہورہی تھی، مجھے پتہ چلا آج صبح سے لوگ یہاں آ کر بیٹھے ہوئے (بقیہ نمبر61)

بھارت کشمیر کو قبرستان بنا کر یہ نہ سوچے کہ امن قائم کردیا' مرتضیٰ سولنگی

1947ء میں بھی کشمیر نے خودارادیت کا مطالبہ کیا تھا' بھارت نے اس وقت بھی جبری الحاق کیا، اس کیخلاف کشمیر نے آواز اٹھائی

ہم کشمیریوں کیساتھ کھڑے ہیں، 1987ء کے نام نہاد الیکشن کے خلاف بھی آواز بلند کی، یہ چوتھی نسل ہے جو اس ظلم میں مبتلا ہے

اسلام آباد(این این آئی) نگراں وزیر اطلاعات مرتضی سولنگی نے کہاہے کہ کشمیری اپنے حق خودارادیت کے لیے کوشاں ہیں اور ہم ان کے ساتھ کھڑے ہیں، بھارت کشمیر کوقبرستان بنا کر یہ نہ سوچے کہ کشمیر میں امن قائم کر دیا ہے۔اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مرتضی سولنگی نے کہا کہ 1947ء میں بھی کشمیر نے خودارادیت کا مطالبہ کیا تھا۔مرتضی سولنگی کا کہنا ہے کہ بھارت نے اس وقت بھی جبری الحاق کیا، اس کے خلاف کشمیر نے آواز اٹھائی۔وزیر(بقیہ نمبر 38)

مسئلہ کشمیرجنیوا کنونشن کے تحت حل کیا جانا ہی اس مسئلے کا حل ہے' عبدالعلیم خان

کشمیریوں کی جدوجہد آزادی میں ہم آواز ہونے کا نام یوم یکجہتی کشمیر ہے' صدر استحکام پاکستان پارٹی

لاہور (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی کے صدر عبدالعلیم خان نے یوم یکجہتی کشمیر پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ کشمیریوں کی جدوجہد آزادی میں ہم آواز ہونے کا نام یوم یکجہتی (بقیہ نمبر 39)

امریکا، طلبا نے غزہ جنگ بندی کے لیے بھوک ہڑتال شروع کردی

واشنگٹن (این این آئی)امریکا کی براون یونیورسٹی کے طلبا نے غزہ جنگ بندی (بقیہ نمبر40)

بہاولنگر، گھر میں گیس سلنڈر پھٹنے سے ماں، 2بیٹیاں جھلس کر جاں بحق

بہاولنگر(این این آئی) بہاولنگر کی تحصیل منچن آباد میں گھر میں گیس سلنڈر پھٹنے سے(بقیہ نمبر 56)

کشمیریوں کے استصواب رائے کے حق کو غصب نہیں کیا جاسکتا' سبطین خان

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی سردار سبطین خان نے کہا ہے کہ ظلم و جبر (بقیہ نمبر55)

بنگلہ دیش میں پاکستانی ہائی کمشنر یوم کشمیر کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

5
KASHMIR
یکجہتی کشمیر

لاہور، گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

فافن نے رجسٹرڈ ووٹرز کے تناسب سے متعلق رپورٹ جاری کردی

این اے 67 حافظ آباد 8لاکھ 10ہزار 723رجسٹرڈ ووٹرز کے ساتھ سب سے بڑا حلقہ

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) فری اینڈ فیئر الیکشن نیٹ ورک (فافن) نے قومی وصوبائی اسمبلیوں کے رجسٹرڈ ووٹرز کے تناسب سے متعلق رپورٹ جاری کردی، رپورٹ کے مطابق این (بقیہ نمبر 45)

بارسلونا، پیرس کی سڑکیں “فری کشمیر” اور “فری فلسطین” کے نعروں سے گونج اٹھیں

ہسپانوی انسانی حقوق کی کارکن کا کشمیر اور فلسطین میں قابض افواج کے خلاف مشترکہ مزاحمت پرزور

بارسلو(این این آئی) بارسلونا کی سڑکیں اس وقت “کشمیر کو آزاد کرو” اور (بقیہ نمبر 44)

راولپنڈی، امن وامان کی صورتحال بحال رکھنے کیلئے پولیس گشت کررہی ہے

الیکشن کے دن بارش کے کسی بڑے اسپیل کا امکان نہیں، موسمیاتی تجزیہ کار

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں عام انتخابات والے دن یعنی 8فروری کو بیشتر مقامات پر موسم خشک رہے گا۔موسمیاتی (بقیہ نمبر 43)

پاکستان اور بھارت کے درمیان غیر مشروط بات چیت مشکل ہو گئی' شیری رحمٰن

مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ میں سب سے پرانا مسئلہ' مشکل وقت میں ہم کشمیریوں کے ساتھ کھڑے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمٰن نے کہاہے کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان غیر مشروط بات چیت مشکل ہوگئی ہے، بار بار پاکستان مذاکرات کی پیشکش (بقیہ نمبر 42)

ہر دور میں نوازشریف نے ہی ملک کو بحران سے نکالا ہے' رانا محمد اقبال

8فروری کو پی پی 184 سمیت ملک بھر میں شیر ہی دھاڑے گا' سابق سپیکر پنجاب اسمبلی

پھول نگر(این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما وسابق سپیکر پنجاب اسمبلی رانا محمد اقبال خاں نے کہا ہے کہ 8 فروری کو حلقہ پی پی 184 سمیت ملک بھر میں شیر ہی (بقیہ نمبر 41)

قوم کو فیصلہ کرنا ہے شیر کی صحیح جگہ پنجرہ ہے' سراج الحق

دوارب مسلمان، ہزاروں کی تعداد میں ٹینک اور جہازوں کی موجودگی کے باوجود کشمیری بھائی 76 سال سے غلامی کی زنجیروں میں جکڑے ہیں

پی پی' ن لیگ کو ووٹ دینا کشمیریوں' فلسطینیوں کے زخموں پر نمک پاشی ہے' ہم وعدہ کرتے ہیں کہ خون کے آخری قطرے تک جہاد کریں گے

لاہور(این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق نے کہاہے کہ قوم کو فیصلہ کرنا ہے شیر کی صحیح جگہ پنجرہ ہے۔سراج الحق نے مال روڈ لاہور پر یوم یکجہتی کشمیر ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عالم اسلام کی بدقسمتی ہے دوارب مسلمان، ہزاروں کی تعداد میں ٹینک اور جہازوں کی موجودگی کے باوجود کشمیری بھائی گزشتہ 76 سال سے غلامی کی زنجیروں میں جکڑے ہیں، ہم وعدہ کرتے ہیں کہ خون کے آخری قطرے تک کشمیر اور فلسطین کی (بقیہ نمبر 60)

جوان ہے عزم تو پھر ظلم کی بربادی باقی ہے
اندھیری رات ہے ابتک، ابھی آزادی باقی ہے
MINISTRY OF FOREIGN AFFAIRS
GOVERNMENT OF PAKISTAN

اسلام آباد، نگراں وفاقی وزیر جمال کی قیادت یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ریلی نکالی جارہی ہے

کندھکوٹ، پیپلز پارٹی کی انتخابی مہم کے دوران فائرنگ'5افراد گرفتار

کندھ کوٹ (این این آئی) سندھ کے شہر کندھ کوٹ میں پولیس اور رینجرز نے(بقیہ نمبر 46)

7ماہ میں پاکستان اور چین کے درمیان دوطرفہ تجارت میں بڑا اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) رواں مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں پاکستان اور چین کے درمیان دوطرفہ تجارت میں بڑا اضافہ ہوا ہے(بقیہ نمبر 47)

ٹک ٹاک کا عام انتخابات سے قبل غلط معلومات سے نمٹنے کیلئے اقدامات کا اعلان

اسلام آباد(این این آئی)8فروری، 2024ء میں، پاکستان میں پارلیمانی انتخابات کے قریب آنے کے ساتھ ہی ٹک ٹاک نے غلط (بقیہ نمبر 48)

پاکستان کونوازدو کا نعرہ ہر بچے کی زبان پر آچکا ہے' ملک افضل کھوکھر

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و امیدوار حلقہ این اے 125 ملک محمد افضل کھوکھر نے کہاہے کہ پاکستان کونواز دو کا نعرہ ہر بچے کی زبان پر آچکا ہے، سوچ اور وقت بدل رہا ہے، اچھے دن بھی جلد ہی واپس لوٹیں گے۔

القاعدہ کے افغانستان میں خفیہ طور پر دوبارہ منظم ہونے کا انکشاف

ایران اور پاکستان القاعدہ حملوں کی زد میں آسکتے ہیں، عالمی مبصرین کا اظہار تشویش

کابل (این این آئی) القاعدہ کے سابق رہ نما ایمن الظواہری کی ہلاکت کے ڈیڑھ سال سے زائد عرصے بعد لانگ وار جرنل کی ویب سائٹ کی جانب سے شائع ہونے والی ایک رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ القاعدہ افغانستان میں تربیتی کیمپوں کی تعمیر اور دینی مدارس کو کنٹرول (بقیہ نمبر 50)

I AM KASHMIRI
ITS MY CRIME

یواین میں پاکستانی سفیر فیصل نیاز ترمزی یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

حکومت اور قوم پولیس کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، سید ارشد حسین شاہ

ڈیرہ اسماعیل خان میں پولیس اسٹیشن پر حملے کے نتیجے میں 10 پولیس اہلکار شہید اور 6 زخمی ہو گئے

پشاور (این این آئی) نگراں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا ارشد حسین شاہ نے کہا ہے کہ حکومت اور پوری قوم پولیس کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔دراین تھانے پر دہشتگردوں کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے نگراں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا ارشد حسین شاہ نے کہا ہے کہ حکومت شہداء کے لواحقین (بقیہ نمبر 49)

مری، مسلم لیگ ن کے انتخابی جلسے میں کارکنان بڑی تعداد میں شریک ہیں

DAILY MASAFAT LAHORE
روزنامہ
مسافت
لاہور
بانی
اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر
چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر
مسز راحت آراء
ایڈیٹر
حیدر علی بھٹی

سابق وزیراعظم شہباز شریف کی گفتگو

پاکستان مسلم لیگ ن کے صدر اور سابق وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ مناظرے کی باتیں کرنے والے پہلے کارکردگی کا موازنہ کرلیں۔ پارٹی سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے شہباز شریف کا کہنا تھا کہ آج کچھ سنجیدہ معاملات پر بات کرنا چاہتا ہوں، ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کی رپورٹ تین دن پہلے آئی ہے، نواز شریف کے دور میں کرپشن انڈیکس میں کمی آئی، نواز شریف کے دور میں کرپشن کو شدید ضرب لگی۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف کے دور میں اربوں کھربوں کی سرمایہ کاری ہوئی، اتنی بڑی سرمایہ کاری کے باوجود کرپشن میں کمی آئی، بانی پی ٹی آئی خود کہتے تھے جہاں کرپشن کم ہوتی ہے وہاں کا حکمران ایماندار ہوتا ہے، جہاں کرپشن ہو وہاں کا حکمران چور ہوتا ہے۔ سابق وزیراعظم کا کہنا تھا کہ 2018 میں بدترین دھاندلی اور جادو ٹونے سے حکومت بنی، دھاندلی زدہ حکومت نے ہم پر بدترین کرپشن کے الزامات لگائے، ہم پر موٹروے بنانے پر الزامات لگائے گئے، کوئی بھی نواز شریف پر کرپشن کے الزامات ثابت نہیں کرسکا، آج موٹروے سے لاکھوں لوگ مستفید ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے دور میں کرپشن انڈیکس میں اضافہ ہوا، پی ٹی آئی دور میں چینی کا بحران پیدا کر کے اربوں کی کرپشن کی گئی، بانی پی ٹی آئی نے ایک رات کہا کہ چینی کرپشن کیخلاف انکوائری شروع کردی ہے، بانی پی ٹی آئی نے ایک کروڑ نوکریاں دینی تھیں۔ صدر مسلم لیگ ن کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ ن نے ہر دور میں عوام کی خدمت کی، 8 فروری کو عوام اپنے ووٹ سے مستقبل کا فیصلہ کریں گے، پی ڈی ایم کی حکومت میں کرپشن انڈیکس 140 سے کم ہو کر 133 پر آگیا جس کا کریڈٹ 13 جماعتوں کو جاتا ہے، ایک سالہ اتحادی حکومت کی کارکردگی کا فیصلہ عوام نے کرنا ہے۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ تحریک انصاف کی حکومت میں چور ڈاکو کا ورد کر کے طوفان بدتمیزی برپا کیا گیا، کچھ قوتوں نے بانی پی ٹی آئی کا ساتھ دے کر انہیں بڑھاوا دیا، ٹرانسپرنسی رپورٹ کے مطابق 2018 کی حکومت میں پاکستان میں کرپشن بڑھی، ٹرانسپرنسی کی رپورٹ سے ثابت ہوگیا چور کون ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر شخص کو الیکشن لڑنے کا حق ہے، بلاول بھٹو جہاں سے چاہیں الیکشن لڑیں، اگر پیسے دے کر ووٹ خریدنے کی بات درست ہے تو یہ ووٹ کی عزت نہیں توہین ہے،

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شیخوپورہ زاہد نواز مروت نے حالیہ انتخابی مہم کو پرامن بنانے کے لئے ضلع ہذا میں کریک ڈاؤن کرتے ہوئے بھرپور کاروائیوں کا آغاز کردیا

فاروق آباد) رانا محمد ادریس سے (ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شیخوپورہ زاہد نواز مروت نے حالیہ انتخابی مہم کو پرامن بنانے کے لئے ضلع ہذا میں کریک ڈاؤن کرتے ہوئے بھرپور کاروائیوں کا آغاز کردیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شیخوپورہ نے جنرل الیکشن کے دوران انتخابی مہم کو پرامن بنانے کے لئے ضلع بھر میں ناجائز اسلحہ، نمائش اسلحہ اور لائسنسی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف بھرپور کارائیوں کا آغاز کرتے ہوئے ابھی تک ناجائز اسلحہ کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے شیخوپورہ پولیس نے 170 مقدمات کا اندراج کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 18 کلاشنکوف، 11 رائفل، 09 بندوقیں، 02 ریوالور، 129 پسٹل اور 3163 گولیاں وکارتوس برآمد کرلئے۔ اس کے ساتھ ساتھ انسانی جان و مال کو محفوظ بنانے کے لئے دوران الیکشن اسلحہ کی نمائش، حراسمنٹ کو روکنے کے لئے شیخوپورہ پولیس نے بھرپور کاروائی کرتے ہوئے لائسنسی اسلحہ کو الیکشن کے پرامن اختتام تک قبضہ پولیس میں لے لیا ہے۔ جس میں ابھی تک 110 پسٹل، 297 کلاشنکوف، 213 رائفل، 139 عدد 12 بور، 08 شاٹ گن، 02 عدد G3 معہ گولیاں وکارتوس قبضہ پولیس میں لئے گئے ہیں جو کہ جنرل الیکشن کے پرامن اختتام کے بعد لائسنس ہولڈرز کو واپس کردیئے جائیں گے۔ انتخابی مہم کے دوران ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد کو یقینی بنانے اور لا اینڈ آرڈر صورتحال کو پر قابو پانے کے لئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شیخوپورہ زاہد نواز مروت نے سابقہ ریکارڈ یافتگان اور نقص امن کا باعث بننے کے خلاف بھرپور کاروائیاں کرواتے ہوئے اب تک 534 افراد کے خلاف انسدادی کاروائی کرتے ہوئے گرفتار کر کے جیل بھجوایا جبکہ سات سو کے قریب ٹربل میکرز سے شورٹی بانڈز حاصل کرلئے ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شیخوپورہ زاہد نواز مروت نے حالیہ جنرل الیکشن کے سلسلہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام والناس اور انتخابی مہم چلانے والے اشخاص چاہے وہ جس بھی پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں کو شیخوپورہ پولیس کی جانب سے بڑا واضح پیغام دیا جاتا ہے کہ قانون کو کسی بھی صورت ہاتھ میں نہ لینے دیا جائے گا۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری کئے گئے ضابطہ اخلاق پر ہر صورت عملدرآمد کروایا جائے گا۔ جو بھی خلاف ورزی کرے گا سیدھا جیل جائے گا۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری کئے گئے ضابطہ اخلاق کے تحت اسلحہ کی نمائش وحراسمنٹ پر مکمل طور پر پابندی عائد کی گئی ہے۔ لہذا زیرو ٹال رنس پالیسی کے تحت امن وامان کی فضا کو قائم رکھنے کے لئے اب تک بھرپور کاروائیاں کی جاچکی ہیں اور آئندہ بھی خلاف ورزیوں پر کاروائیاں جاری رہیں گی۔

تحریک لبیک کی مقبولیت سے سیاسی مخالفین بوکھلاہٹ کا شکار ہوگئے 8 فروری کو عوامی ووٹ کی طاقت سے بھاری اکثریت سے کامیاب ہوکر حلقے کی محرومیوں کو ختم کریں گے، امیدوار پی پی 132 لیفٹیننٹ کرنل (ر) امانت علی کی پریس کانفرنس

سانگلہ ہل) تحصیل رپورٹر (سانگلہ ہل پی پی 132 کے امیدوار لیفٹیننٹ کرنل ریٹائرڈ امانت علی نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ انشااللہ 8 فروری حق سچ کی فتح کا دن ہے باشعور عوام اپنے ووٹ کی طاقت سے باری باری کی سیاست کا کھیل کھیلنے والوں کو مسترد کردیں گے انہوں نے کہا کہ حلقہ میں گرین پارٹی کی مقبولیت سے سیاسی مخالفین خوفزدہ ہوکر بوکھلاہٹ کا شکار ہوچکے ہیں حلقے میں لگائی گئی گرین پارٹی کی انتخابی فلیکسز پر اپنی فلیکسز لگا کر اوچھے ہتھکنڈے استعمال کررہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے کہا کہ گرین پارٹی ایک مذہبی پرامن جماعت ہے تمام کارکنان کو پرامن رہنے کی پارٹی کی طرف سے ہدایات جاری بھی کی گئی ہیں انہوں نے کہا کہ 8 فروری کو اللہ نے موقع دیا تو عوام کی خدمت کرنے میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑیں گے غربت مہنگائی بیروزگاری کے خاتمے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے اور ذاتی دلچسپی لے کر حلقے میں پائی جانے والی پسماندگی اور محرومیاں ختم کریں گے اس موقع پر پی پی 132 کے امیر قاری عاصم ندیم چشتی بھی ان کے ہمراہ تھے انہوں نے کہا کہ 40 سال سے حلقے میں اقتدار کے مزے لوٹنے والے سیاسی مخالفین نے علاقے کی تعمیر وترقی کرنے کی بجائے اس کی پسماندگی میں اپنا کردار ادا کیا اور ہر الیکشن پر عوام سے کیے گئے ترقی کے دعوے صرف دعوے ہی ثابت ہوئے۔

جھنگ میں 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر جھنگ کی قیادت میں ریلی نکالی گئی

جھنگ (اجمل حسین بیورو چیف)5 فروری یوم یکجہتی کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر جھنگ عبداللہ خرم نیازی کی قیادت میں ایک ریلی نکالی گئی جس میں تمام سرکاری محکموں کے سربراہوں دیگر ملازمین وکلا برادری۔ ڈاکٹرز۔ پروفیسرز صحافیوں اور سول سوسائٹی کے دیگر نامور شخصیات نے بھرپور شرکت کی ریلی ضلع کونسل سے شروع ہوکر ڈپٹی کمشنر آفس تک نکالی گئی ریلی کے شرکا نے اپنے کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے ہاتھوں میں مختلف بینرز اور پلے کارڈ اٹھار کھے تھے جس پر کشمیریوں کے حق میں نعرے لکھے ہوئے تھے ریلی کے اختتام پر مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں نے خطاب کیا سب سے آخر میں ڈپٹی کمشنر جھنگ عبداللہ خرم نیازی نے اپنے خطاب میں کیا کہ پاکستانی قوم کے دل اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں اور ان پر ہونے والے مظالم پر پوری پاکستانی قوم سراپا احتجاج ہے پورے کشمیری مرد خواتین کے ساتھ جو ظلم کیے جا رہے ہیں یہ اب پوری پاکستانی قوم کی لیے ناقابل برداشت ہو چکے ہیں جس کے لیے پاکستانی حکومت اقوام متحدہ کے علاوہ ہر فورم پر اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے انشاءاللہ بہت جلد کشمیریوں کی قربانیاں رنگ لے آئیں گی اور بہت جلد کشمیری بھائیوں کو آزادی کی خوشخبری ملنے والی ہے

گڑھ مہاراجہ میں بھی یوم یکجہتی کشمیر کے سلسلہ میں میونسپل کمیٹی گڑھ مہاراجہ سے ریلی نکالی گئی

احمد پور سیال) تحصیل رپورٹر(گڑھ مہاراجہ میں بھی یوم یکجہتی کشمیر کے سلسلہ میں میونسپل کمیٹی گڑھ مہاراجہ سے ریلی نکالی گئی جس کی قیادت اسسٹنٹ کمشنر احمد پور سیال آر اوحلقہ پی پی 130 محمد عرفان ہنجرا ،ضلعی صدر جماعت الصالحین پاکستان اور سابق وائس چیئرمین بین المذاہب امن کمیٹی پنجاب ملک غلام جیلانی آڑھتی اور آر اوز میاں کاظم علی جھنڈیر، مہر پرویز سیانہ سیال اور دیگر نے کی ریلی میں میونسپل کمیٹی کے ملازمین اور شہریوں نے بھی شرکت کی۔ ریلی جب اللہ چوک پہنچی تو شرکا سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر محمد عرفان ہنجرا ، ملک غلام جیلانی آڑھتی نے کہا کہ بھارت کا مکروہ چہرہ دنیا پر عیاں ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اقوام متحدہ کی قراردادوں سے منحرف ہو چکا ہے اور کشمیریوں کے حقوق پر ڈاکہ ڈال کر عالمی ڈاکو بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزادی کشمیری عوام کا حق ہے ان کے حقوق سلب کر کے ان پر مظالم ڈھانا بھارت کی کھلم کھلا دہشت گردی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کی روشنی میں مسئلہ کشمیر کا پائیدار حل نکالا جائے

چک جھمرہ نواحی گاؤں 25 ج ب رحمت اباد کی اوڈھ راجپوت برادری نے امیدوار برائے ایم این اے آزاد علی تبسم این اے 95 اور امیدوار برائے ایم پی اے حاجی اجمل چیمہ کی الیکشن میں مکمل سپورٹ کا اعلان کردیا

چک جھمرہ) مودی انصاری سے(چک جھمرہ نواحی گاؤں 25 ج ب رحمت اباد کی اوڈھ راجپوت برادری نے امیدوار برائے ایم این اے آزاد علی تبسم این اے 95 اور امیدوار برائے ایم پی اے حاجی اجمل چیمہ کی الیکشن میں مکمل سپورٹ کا اعلان کر دیا محمد امین عرف منا اوڈھ اسلم ٹکو اور یاسین اوڈھ نے ازاد علی تبسم اور حاجی اجمل چیمہ کی مکمل سپورٹ کا اعلان کر دیا محمد امین عرف منا اوڈھ نے اپنے گاں 25 ج ب رحمت اباد میں عظیم وشان جلسے کا انعقاد کیا جس میں اوڈھ برادری کے تمام لوگوں نے شرکت کی اور اپنے قائدین کو مدعو کیا اور ان کی حمایت کا اعلان کیا حاجی اجمل چیمہ اور ازاد علی تبسم نے اوڈھ برادری کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ہم کوشش کریں گے کہ اوڈھ برادری کے مسائل حل کریں گے اور یہ ہمارے بھائی ہیں ہمارے دروازے ہر وقت ان کی خدمت کے لیے کھلے ہیں

آزاد علی تبسم این۔اے 95 اور اجمل چیمہ پی۔پی 98 کا شاندار استقبال

چک جھمرہ) مودی انصاری سے (شہریوں اور تاجران کیطرف سے امیدواران کا فقید المثال استقبال آزاد علی تبسم این۔اے 95 اور اجمل چیمہ پی۔پی 98 کا شاندار استقبال۔ دوکانداروں نے پھولوں کی پتیاں اور نوٹ نچھاور کیئے تفصیلات کے مطابق الیکشن میں کچھ روز باقی ہیں پاکستان مسلم لیگ ن اور استحکام پاکستان پارٹی کے مشترکہ امیدواران ازاد علی تبسم این اے 95 اور حاجی محمد اجمل چیمہ پی پی 85 نے گذشتہ اپنے کارکنان کے ہمراہ مرکزی بازار ستارہ چوک سے ریلوے اسٹیشن تک شٹر ٹو شٹر ریلی نکالی اور ووٹ مانگے دکان داروں شہریوں اور مرکزی انجمن تاجران نے دونوں امیدواروں کا بازار پہنچنے پر شاندار فقید المثال استقبال کیا ڈھول کی تھاپ پر دکانداروں نے جگہ جگہ پھولوں کی پتیاں اور نوٹ نچھاور کیے اور دونوں امیدواروں کو پھولوں کے ہاروں سے لاد دیا دونوں امیدواروں کا کہنا تھا کہ اپ لوگوں کی فقید المثال محبت ہمیں ہمیشہ یاد رہے گی ہم نے پہلے بھی جیت کر اپ کی خدمت کی ہے اور ائندہ بھی اپ کی خدمت گار رہیں گے

اللہ کے رسول ﷺ سے محبت جب تک تمام محبتوں سے بالا نہ ہو اس وقت تک ہمارا ایمان مکمل نہیں ہوسکتا، امیر عبدالقدیر اعوان

ڈسکہ) محمد بلال سے (امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ وسربراہ تنظیم الاخوان پاکستان نے کہا کہ اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ سے محبت جب تک تمام محبتوں سے بالا نہ ہو اس وقت تک ہمارا ایمان مکمل نہیں ہوسکتا جب تک ہم اپنے قلب کی گہرائی سے اللہ کو وحدہ لاشریک نہیں مانیں گے اس وقت تک ہم در در پر سجدہ ریز ہوتے رہیں گے اور در در کی ٹھوکریں ہمارے مقدر میں رہیں گی آج بھی اگر ہم آپ ﷺ سے محبت کو اولیت پر لے آئیں تو اس قید سے آزاد ہوکر مقصد حیات کو پاسکتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ماہانہ اجتماع کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ انتخابات میں ہمارا معیار یہ ہونا چاہیے کہ بحیثیت امتی اپنا فریضہ ادا کرتے ہوئے ان میں جو بہتر ہے اس کا چنا کریں ہم نے اگلے پانچ سال کے لیے حکمرانوں کا چنا کرنا ہے اپنی زندگیوں کو خالص اللہ کی رضا کیلئے بسر کریں اللہ اور اللہ کے حبیب ﷺ کے بتائے ہوئے اصولوں کے مطابق زندگی گزاریں اپنے حصے کا کردار ادا کریں بندہ مومن جہاں بھی ہو وہاں کے ملکی قوانین پر عملدرآمد کرے اور ہمارا ہر عمل دوسروں کے لیے امن وسلامتی کا سبب ہو آخر میں انہوں نے سالکین کو ذکر قلبی کرایا اور ملک وقوم کی سلامتی کے لیے اجتماعی دعا بھی فرمائی

اغوا کے تین مختلف واقعات میں ماں کو بیٹوں سمیت شادی شدہ خاتون اور جواں سالہ لڑکی کو اغوا کرلیا گیا

سکڈہ) محمد بلال سے (اغوا کے تین مختلف واقعات میں ماں کو بیٹوں سمیت شادی شدہ خاتون اور جواں سالہ لڑکی کو اغوا کرلیا گیا تھانہ صدر کے علاقہ بھروکے کے شفیق کا بھائی جو کہ بیرون ملک ہوتا ہے اس کی بیوی اور دو بیٹوں کو ملزم نبیل نے اغوا کرلیا تھانہ صدر کے علاقہ آدکے چیمہ کے علی حسن کی بیوی گھر سے باہر گئی تو واپس نہ آئی جس کو نامعلوم ملزمان اغوا کر کے لے گئے

احمد پور سیال میں بھی یوم یکجہتی کشمیر ملی جوش وجذبے کے ساتھ منایا گیا

اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے عین مطابق مسئلہ کشمیر حل کیا جائے

احمد پور سیال (تحصیل رپورٹر) احمد پور سیال میں بھی یوم یکجہتی کشمیر ملی جوش وجذبے کے ساتھ منایا گیا۔ اس سلسلہ میں کلمہ چوک موڑ احمد پور سیال پر لیگی رہنما سردار محمد عارف خان اور دیگر کشمیری رہنماں چوہدری عبدالمجید گجر، ظفر شاکر، چوہدری محمد یونس گجر کی قیادت میں یکجہتی کشمیر ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں سردار تنویر حسین، سردار عامر غیاث، چوہدری رفیق، فوجہ غلام حسین، چوہدری رشید، صوبیدار معروف، چوہدری خالد، چوہدری فیصل گجر، چوہدری خلیل احمد، چوہدری نوید صدیق، راجہ عبدالمجید، چوہدری نور حسین اور حاجی محمد تاج سمیت شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ شرکائے ریلی نے کشمیر بنے گا پاکستان۔ ہے حق ہمارا آزادی کے فلک شگاف نعرے لگائے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے سردار محمد عارف خان نے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور کشمیریوں کی تحریک آزادی دراصل تکمیل پاکستان کی جدوجہد ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب پاکستان بنا تو ہندوستان کے کچھ حصے جو پاکستان میں شامل ہونا چاہتے تھے لیکن ایک خاص سازش کے تحت ان علاقوں کو الجھا کے رکھ دیا گیا تا کہ یہ دونوں ملکوں کے درمیان تنازعہ کا باعث بنیں۔ ہندوستان نے کشمیریوں کے حقوق سلب کیے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے عین مطابق مسئلہ کشمیر حل کیا جائے۔

ملک بھر میں 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر منایا گیا شہر شہر ریلیوں اور تقریبات کا انعقاد کیا گیا

ڈسکہ) محمد بلال سے (ملک بھر میں 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر منایا گیا شہر شہر ریلیوں اور تقریبات کا انعقاد کیا گیا مگر ڈسکہ میں سرکاری سطح پر کوئی بھی تقریب منعقد نہیں ہوئی جس پر شہریوں نے تشویش کا اظہار کیا تفصیلات کے مطابق 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ڈسکہ میں بھی ہر سال سرکاری سطح پر تقریب کا انعقاد کیا جاتا جس میں علمائے کرام، تاجر تنظیموں اور سیاسی جماعتوں کے نمائندگان بھرپور شرکت کرتے مگر اس بار سرکاری سطح پر نہ تو پرچم کشائی کی گئی اور نہ ہی کوئی تقریب منعقد کی گئی جس پر شہریوں نے تشویش کا اظہار کیا پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے قومی وصوبائی امیدواروں کی قیادت میں لاری اڈا تا میلاد چوک یکجہتی کشمیر ریلی نکالی گئی جس میں شہریوں کی کثیر تعداد شریک تھی جبکہ جمعیت علمائے اسلام کی طرف سے دارالعلوم مدنیہ سے یکجہتی کشمیر ریلی نکالی گئی جو میلاد چوک میں اختتام پذیر ہوئی شرکا ریلی نے کشمیری محکوم اور مظلوم عوام کے حق اور بھارتی غاصبانہ قبضہ کے خلاف پلے کارڈ اور بینرز ہاتھوں میں اٹھا رکھے تھے ریلی میں کشمیریوں سے رشتہ کیا لا الہ الا اللہ، کشمیر بنے گا پاکستان کے نعرے لگائے گئے

مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے نیو واسا لیبر یونین سی بی اے کے زیراہتمام ریلی نکالی گئی

گوجرانوالہ۔) یاسین مغل سے (مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے نیو واسا لیبر یونین سی بی اے کے زیراہتمام ریلی نکالی گئی۔ ریلی کی قیادت چٹھہ گروپ کے قائد سابق صدر جہانزیب ارشاد چٹھہ ،صدر سہیل سہوترا ،جنرل سیکرٹری رانا توقیر حسین، سینئر نائب صدر طارق وسیم ڈار نے کی۔ ریلی کے شرکا نے پلے کارڈ اور بینر اٹھار کھے تھے جن پر مختلف نعرے درج تھے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جہانزیب ارشاد چٹھہ ،صدر سہیل سہوترا ،جنرل سیکرٹری رانا توقیر حسین ،سینئر نائب صدر طارق وسیم ڈار و دیگر مقررین نے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور وہ دن دور نہیں کہ کشمیر آزاد ہوگا کشمیر پر زبردستی قبضہ کرنے والوں کے دن گنے جاچکے ہیں کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور ہمارا حصہ ہے پاکستانیوں کا دل کشمیر کے ساتھ دھڑکتا ہے، کشمیریوں کی حق تلفی بند کی جائے اور اقوام متحدہ کی خاموشی معنی خیز ہے ، کشمیری بھائیوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں، کشمیریوں کی آزادی کے لئے ہر قسم قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ مقررین نے مزید کہا کہ عالمی سطح پر کشمیر ایک متنازعہ علاقہ ڈکلیئر کیا گیا ہے۔ پاکستانی قوم کا ہر فرد افواج پاکستان اور کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہے، اپنے خون کے آخری قطرے تک کشمیر کی آزادی کی جنگ جاری رکھیں گے۔ ریلی میں نیو واسا لیبر یونین سی بی اے کے ،چیئرمین ملک عباس بشیر، چیف آرگنائزر عصمت اللہ بٹ، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری عمران بٹ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری چاند سہوترا، وائس چیئرمین بابا مراد منہاس نائب صدر عابد ہیرا، شفیق بٹ، ہارون کھوکھر، آصف بھٹی، آرگنائزر نوید سندھو، فنانس سیکرٹری قیصر کھوکھر، ڈاکٹر رفیق، ارشد سہوترا، شفیق مٹو ،احسن کھوکھر، زبلون شاکر، ملک منیر اور سیدہ توصیف ریاض سیکرٹری نشرواشاعت دیگر واسا ملازمین بھی موجود تھے۔ کیپشن تصویر۔ گوجرانوالہ۔ مقبوضہ کشمیر کی عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے نیو واسا لیبر یونین سی بی اے کے زیراہتمام ریلی نکالی گئی ریلی کی قیادت چٹھہ گروپ کے قائد سابق صدر جہانزیب ارشاد چٹھہ ،صدر سہیل سہوترا، جنرل سیکرٹری رانا توقیر حسین، سینئر نائب صدر طارق وسیم ڈار کررہے ہیں۔

چیف سیکرٹری، سیکرٹری ہیلتھ، پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن اور سیکشن آفیسر جنرل کی خاموشی معنی خیز

گوجرانوالہ) عظمیٰ شاہین سے (چیف فارماسسٹ، پرچیز آف میڈیسن اسرجیکل فارماسسٹ اور مین میڈیسن اسرجیکل سٹور فارماسسٹ کی نااہلی اور غفلت کے باعث جی ایم سی ٹیچنگ ہسپتال گوجرانوالہ کے شعبہ کارڈیالوجی میں دل کے امراض سے متعلق اہم ادویات لواحقین باہر سے خریدنے پر مجبور ہیں، مریضوں کا کہنا ہے کہ ہسپتال میں ادویات موجود ہونے کے باوجود ڈاکٹرز پرچی پہ ادویات لکھ دیتے ہیں اور باہر سے خریدنے کا بول دیتے ہیں، آخر کب تک ہم ان جیسے مافیا کے ہاتھوں لٹتے رہیں گے، ہزاروں شکایات ہونے کے باوجود کسی نے کوئی نوٹس نہیں لیا، کیا جی ایم سی ٹیچنگ ہسپتال میں تعینات فارماسسٹس اور انکی ٹیم اتنے ہی با اثر ہے؟ جس کے باعث چیف سیکرٹری، سیکرٹری ہیلتھ، پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن اور سیکشن آفیسر جنرل کی خاموشی معنی خیز ہے، مریضوں اور لواحقین کی وزیراعلی پنجاب، صوبائی وزیر ہیلتھ، صوبائی محتسب اور ڈی جی اینٹی کرپشن سے دردمندانہ اپیل ہے کہ ان جیسے کرپٹ ملازمین کو نوکری سے فارغ کیا جائے اور کیس نیب کے حوالے کیا جائے، تاکہ غریب عوام دن بدن بڑھتے ہوئے سنگین مسائل سے محفوظ رہ سکے۔

مقبوضہ کشمیر میں انڈیا کا ظلم وستم مسلم حکمرانوں کی بیحسی کا منہ بولتا ثبوت ہے، سربراہ امام حسن کونسل

KASHMIR
CBA

گوجرانوالہ) یاسین مغل سے (مقبوضہ کشمیر میں انڈیا کا ظلم وستم مسلم حکمرانوں کی بیحسی کا منہ بولتا ثبوت ہے ناصر عباس قادری ایڈووکیٹ کشمیری مسلمان گزشتہ 76 سالوں سے پاکستان کی بقا کی جنگ لڑ رہے ہیں سربراہ امام حسن کونسل پاکستان تفصیلات کے مطابق امام حسن کونسل پاکستان کے مرکزی صدر وگدی نشین دربار عالیہ حضرت پیر محمد یار بھٹی نوشاہی قادری المعروف بابا مالی شاہ سرکار صاحبزادہ پیر ناصر عباس نوشاہی قادری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں انڈیا کے ظلم وستم مسلمان حکمرانوں کی بے حسی کی وجہ سے ہیں مسلمان ممالک کے حکمرانوں نے غیروں کی تابعداری میں مسلمانوں کا شیرازہ بکھیر کے رکھ دیا ہے حضرت قائداعظم محمد علی جناح نے کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ کہا ہے اس لیے کشمیری مجاہدین گزشتہ 76 سالوں سے پاکستان کے تحفظ اور بقا کی جنگ لڑ رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے امام حسن کونسل پاکستان کے مرکزی سیکرٹریٹ بالمقابل گلی نمبر 08 ملتانی کالونی بازار باغبانپورہ لاہور میں کارکنان کے ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ملک شاہد علی ملک سینٹری سٹور شیلر چوک نو منتخب صدر ضلع لاہور حافظ محمد الیاس مصطفائی لاہور ڈویژن کے جنرل سیکرٹری محمد طارق گجر ایڈووکیٹ صدر شاہدرہ ٹان سید عطا المصطفے شاہ عتیق ملتانی کالونی کے صدر ڈاکٹر شاہد محمود فاروق پارک کے صدر محمد اسامہ اشفاق سک نہر کے صدر محمد اکرم شہزاد نے خصوصی طور پر شرکت کی اس موقع پر علما کرام مشائخ عظام اور کارکنان امام حسن کونسل پاکستان کی کثیر تعداد موجود تھی

یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کیلئے ضلع انتظامیہ کی جانب سے ریلی نکالی گئی

فاروق آباد (رانا محمد ادریس سے) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کیلئے ضلع انتظامیہ کی جانب سے ریلی نکالی گئی۔ ریلی تاریخی کمپنی باغ سے شروع ہوکر یادگار چوک پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر وقار علی خان کی ہدایت پر ریلی کی قیادت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عثمان جلیس اور سی آئی او ایجوکیشن علی احمد سیان نے کی۔ ریلی کے شرکا نے مختلف پلے کارڈ اور بینر اٹھار کھے تھے، جن پر مظلوم کشمیری عوام پر بھارتی مظالم کو اجاگر کیا گیا تھا اور کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے نعرے درج تھے۔ یوم کشمیر کے موقع پر ضلع کونسل میں سیمنار کا بھی اہتمام کیا گیا ، جس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کیا اور اقوام عالم سے مطالبہ کیا کہ کشمیری عوام کو انکا حق خودارادیت دیا جائے اور ان پر بھارتی مظالم بند کرائیں جائیں۔

گمشدگی پالیسی کاغذات

اسٹیٹ لائف کی جاری کردہ انشورنس پالیسی 602442590-4 محمد خاں ولد حاکم دین چک نمبر 32 آر بی پکھاری وال تحصیل سانگلہ ہل ضلع ننکانہ صاحب گم ہوگئی ہے اگر ایک ماہ کے اندر کوئی اعتراض موصول نہ ہوا تو پالیسی سرنڈر کردی جائے گی منجانب ڈپٹی منیجر پی ایچ ایس اسٹیٹ لائف انشورنس ویسٹرن زون غازی علم دین روڈ لاہور

کاغذات گمشدگی

میرا پاسپورٹ نمبری LY 5150901 مورخہ 2024/01/02 کو تاندلیانوالہ میں گر کر کہیں گم ہوگیا ہے جس کو بھی ملے مہربانی فرما کر اس پتے پر ارسال کردیں شکریہ المشتہر :مرزا عامر شاہد ولد شاہد مرزا ساکن محلہ سرور کالونی تاندلیانوالہ ضلع فیصل اباد

کاغذات گمشدگی

میرا پاسپورٹ نمبری FN 1011281 عید سے پہلے قصبہ تاندلیانوالہ میں گر کر کہیں گم ہوگیا ہے جس کو بھی ملے مہربانی فرما کر اس پتے پر ارسال کر دیں شکریہ المشتہر بابر عباس ولد شوکت علی ساکن 393 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ ضلع فیصل اباد

بعدالت جناب فاروق احمد صاحب گارڈین جج صاحب سمندری ضلع فیصل آباد

درخواست سرٹیفکیٹ ولائیت ۔ بعنوان: مسرت بنام عوام الناس وغیرہ ۔ مسرت بیوہ الطاف حسین سکنہ قاسم روڈ گلی نمبر 2 محلہ لطیف نگر سمندری ضلع فیصل آباد بنام عوام الناس ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں کسی کو اعتراض ہو تو مورخہ 2024-02-26 بوقت 9 بجے صبح عدالت ہذا میں اصالتا یا وکالتا حاضر ہو کر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب حافظ خرم شہزاد صاحب نائب تحصیلدار/ADLR حلقہ پھولنگر تحصیل پتوکی ضلع قصور۔

عنوان تصدیق شجرہ متوفی محمد انور خاں ولد مبارک علی قوم راجپوت ساکن موضع ککن کے تحصیل پتوکی ضلع قصور ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی محمد انور جو کہ مورخہ 16.12.2023 کو لاولد قضائے الٰہی سے فوت ہو گیا تھا، کی ملکیتی اراضی واقع موضع ککن کے تحصیل پتوکی ضلع قصور کی نسبت رانا ابرار علی بھتیجا متوفی نے درخواست انتقال وراثت متوفی دفتر ADLR پتوکی گزاری ہے ،متوفی کے شرعی وورثان کی تصدیق کرنا ابھی باقی ہے۔ بمطابق شجرہ نسب متوفی کے شرعی و قانونی وارثان میں رانا ذوالفقار علی، افتخار علی، رانا ابرار علی پسران رانا محمد اسلم متوفی برادر متوفی بطور بھتیجگان ،شازیہ اشرف، نسیم اشرف، پروین خرم دختران رانا محمد اشرف متوفی برادر متوفی بطور بھتیجیاں متوفی کو زندہ ظاہر کیا گیا ہے۔ جبکہ بمطابق شجرہ نسب متوفی کے والد مبارک علی، والدہ متوفی مبارک بی بی، زوجہ متوفی مقبول بی بی، رانا محمد سلم، رانا محمد اکرم، رانا محمد اشرف برادران متوفی کو متوفی سے قبل ازیں فوت ہونا ظاہر کیا گیا ہے۔ اگر کسی کو نسبت وارثان متذکرہ بالا پر اعتراض ہو یا کوئی دیگر وارث ہو تو بعد از اشاعت اندرتین یوم عدالت ہذا سے رابطہ کریں۔ بصورت دیگر انتقال وراثت بحق وارثان ظاہر کردہ تصدیق کردیا جائے گا۔

بعدالت جناب محمد اشفاق ملک صاحب سینئر سول جج پاکپتن۔

عنوان مقدمہ: لائبہ شفیق دختر محمد شفیق قوم بلوچ سکنہ نئی آبادی سندھے خاں تحصیل وضلع پاکپتن، بنام: عوام الناس، درخواست براد جاری فرمائے جانے پرمیشن لیٹر لے جانے بیرون ملک نابالغہ حرم خان، بنام: عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ بالاعنوان میں عوام الناس کی تعمیل آسان ذرائع سے ممکن نہیں ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ 2024-02-06 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت ہو کر پیروی وجواب دہی مقدمہ عنوان بالا کریں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ انتقال نمبر 4259

وراثت موضع پیرو چک کے تحت سائل کی ساس خورشید بی بی زوجہ چراغ محمد تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ کا فوت ہونا مورخہ درج 2010/02/19 ہوا ہے اور اس کے قانونی و شرعی وارثان میں خالد جمیل محمد ابرار خان، محمد افتخار خان، طارق جمیل پسران لبنیٰ ناہید، فرح ناہید، نگہت ناز، ثروت اسلم دختران بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج پرشیت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یاان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کردیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر و دستخط سے جاری ہوا

بعدالت جناب محمد اشفاق ملک صاحب سینئر سول جج پاکپتن،

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حال متوفیہ زینت بیگم دختر علم دین بیوہ دین محمد وراثت واقع موضع شیخ پورہ کہنہ تحصیل و ضلع قصور برائے تصدیق وارثان درج رجسٹر کروایا ہے اور حسب ذیل وارثان تحریر کروائے ہیں۔والد علم دین، والدہ رحمت بی بی دونوں پہلے فوت شدہ ہیں، دین محمد خاوند پہلے فوت شد، دیگر وارثان میں محمد بوٹا پسر (زندہ)، صغراں بی بی، رضیہ بی بی دختران بعد میں فوت شدہ ہیں، خیراں بی بی، غلام فاطمہ، بھاگاں بی بی، ارشاد بی بی دختران متوفیہ (زندہ) ہیں انکے علاوہ اور کوئی وارث ہو یا عوام الناس یا کسی ادارے کو عذر یا اعتراض ہو تو اشاعت ہذا کے سات یوم کے اندر عدالت زیر دستخطی میں اصالتاً یا وکالتاً دائر کر سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب مسز عاشی عظمت صاحبہ سول جج درجہ اول/ گارڈین جج تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

درخواست حصول سرٹیفکیٹ ولائیت: بعنوان: بھیگاں بیوہ محمد شریف قوم کھوکھر ساکن عالم شاہ تاجہ تحصیل تاندلیانوالہ بنام عوام الناس وغیرہ۔ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعی/ مدعیہ/ مدعیان نے درخواست ہذا عدالت ہذا میں دائر کی ہے، جس میں 10-02-2024 تاریخ پیشی مقرر ہوئی ہے۔لہذا عوام الناس /مدعاعلیہم کو مطلع کیا جاتا ہے

بقیہ بقیہ جات 30

فلسطینی شہید اور 178 زخمی ہوئے۔سات اکتوبر کو حماس کے سینکڑوں مزاحمت کار زمینی، فضائی اور سمندری راستے سے اسرائیل میں داخل ہو گئے اور شہریوں کو سڑکوں، ان کے گھروں اور ایک آؤٹ ڈور ریو پارٹی میں ہلاک کر دیا جس کے بعد اسرائیل نے غزہ میں اپنی فوجی مہم کا آغاز کر دیا۔ اسرائیل کہتا ہے کہ اس حملے میں تقریباً 1200 افراد مارے گئے۔ جنگ نے ایک انسانی بحران پیدا کر دیا ہے، غزہ کے وسیع علاقے مسمار اور لاکھوں لوگ بے سہارا ہو گئے ہیں اور خوراک، پانی اور ادویات کی سپلائی تقریباً ختم ہو چکی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 31

آئی کوثر، احترام سید، رفیع اللہ اور حمید الحق شامل ہیں۔میڈیا رپورٹس کے مطابق دہشتگردوں نے تھانہ چودھوان کی عمارت پر تعینات پولیس اہلکاروں کو اسنائپر سے نشانہ بنایا، بعد ازاں دہشتگردوں نے تھانے میں گھس کر دستی بموں کا استعمال کیا، دہشتگردوں نے پولیس اہلکاروں پر فائرنگ بھی کی۔ڈی ایس پی درابن نے بتایا کہ شہید اہلکاروں میں 4 ایلیٹ فورس کے جوان اور 6 ضلع ڈیرہ سے تعلق رکھتے ہیں، ایلیٹ فورس صوابی کی پلاٹون تھانہ چودھوان پر تعینات ہیں۔نگران وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا جسٹس (ر) سید ارشد حسین شاہ نے حملے کی مذمت کرتے ہوئے پولیس اہلکاروں کی شہادت پر اظہار افسوس کیا۔وزیراعلیٰ نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔

بعدالت جناب عابد رضا خاں صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج گجرات

نگرانی دیوانی عنوان: رضیہ بیگم بنام صوبہ پنجاب وغیرہ اشتہار بنام: صوبہ پنجاب بذریعہ ڈسٹرکٹ کلکٹر گجرات، رجسٹرار تحصیلدار، پٹواری حلقہ ٹھکہ گجرات ہرگاہ نگرانی عنوان بالا میں ریسپانڈنٹس کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 06-02-2024 صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب زرتاشیہ بگٹی صاحبہ سول جج سیالکوٹ

درخواست زیر دفعہ 7 گارڈین عنوان عذرا بی بی بیوہ بنام عوام الناس اشتہار بنام عوام الناس عذرا بی بی بیوہ محمد رضا قوم مغل سکنہ مکان نمبر 26/295 محلہ معماراں سیالکوٹ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام عوام الناس کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر عوام الناس تاریخ 09-02-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بعدالت جناب عابد رضا خاں صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج گجرات

اپیل دیوانی عنوان: زاہد امتیاز بابا بنام نعمان سرفراز احمد خاں وغیرہ اشتہار بنام: محمد منشاء ولد محمد عنایت ساکن محلہ چوہدریاں لکھنوال خورد، جاوید اقبال ولد بہادر خاں ساکن ناروالی تحصیل گجرات، صوبہ پنجاب بذریعہ ڈسٹرکٹ کلکٹر، سب رجسٹرار گجرات ہرگاہ اپیل عنوان بالا میں ریسپانڈنٹس کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 06-02-2024 صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

اشتہار نیلام عام

بعدالت جناب میاں عثمان طارق صاحب فیملی/سول جج درجہ اول پتوکی ضلع قصور

1۔زاہدہ پروین دختر شاہ محمد 2۔ایمان صابر دختر وزیر علی صابر 3۔محمد عمر ولد وزیر علی صابر اقوام آرائیں ساکنان حبیب آباد تحصیل پتوکی ضلع قصور۔۔۔(ڈگریداران)

بنام

وزیر علی صابر ولد محمد عاشق قوم آرائیں ساکن محلہ بھیڈیاں چک نمبر 35 تحصیل پتوکی ضلع قصور۔(مدیون ڈگری)

ابرار احمد ولد محمد عاشق قوم آرائیں ساکن محلہ بھیڈیاں چک نمبر 35 تحصیل پتوکی ضلع قصور۔۔۔(ضامن)

عبداللہ خوش بخت ولد حسن علی چوہدری قوم راجپوت ساکن ناروکی ماہجہ تحصیل پتوکی نزد مسلم ماڈل سکول بلال کالونی پتوکی ضلع قصور۔

تفصیل زر ڈگری	تفصیل جائیداد	شیڈول نیلامی
زر ڈگری -/1,114,250 روپے مارکیٹ ویلیو -/1,200,000 روپے	رقبہ تعدادی 4M-0F بر مشتمل مکان سالم کھاتہ 4K-11M-126F از سابقہ کھیوٹ نمبر 1450 سابقہ کھتونی نمبر 1749 بروئے رجسٹر حقداران زمین سال 08-2007 موجودہ کھیوٹ نمبر 1459 موجودہ کھتونی نمبر 1769 محال موضع ناروکی ماہجہ تحصیل پتوکی ضلع قصور۔	نوٹس فریقین 24-01-2024 چسپاندگی 30-01-2024 نیلام اشتہار 06-02-2024 نیلامی بر موقع مورخہ 13-02-2024 بوقت 01:00 بجے دو پہر رپورٹ 19-02-2024

شرائط نیلامی:

1۔سرکاری بولی مارکیٹ ویلیو سے شروع ہوگی۔اس سے کم قیمت کی بولی قابل قبول نہ ہوگی۔**2**۔نیلامی میں حصہ لینے سے قبل ہر بولی دہندہ کو مبلغ -/5,000 روپے بطور ضمانت زیر دستخطی کے پاس جمع کروانا ہوں گے۔جو کہ بولی دہندہ کو نیلامی کے اختتام پر واپس کردیے جائیں گے۔**3**۔سب سے زیادہ بولی دہندہ کے نام پر نیلامی ختم کردی جائے گی۔**4**۔کامیاب بولی دہندہ زر نیلامی کا 15% حصہ فوری طور پر زیر دستخطی کے پاس جمع کروائے گا۔بقایا رقم کامیاب بولی کے 15 یوم کے اندر اندر عدالت مجاز میں جمع کروانے کا پابند ہوگا اور کامیاب بولی دہندہ اگر بقایا رقم تاریخ تک ادا نہ کریگا تو عدالت مجاز کو اختیار ہوگا کہ وہ جمع شدہ 15% رقم بحق سرکار ضبط کریگی اور دوبارہ نیلامی کا حکم صادر فرمائے گا۔نیلامی کی حتمی منظوری عدالت مجاز دے گی اور عدالت مجاز کو اختیار ہوگا کہ وہ کسی بھی وقت بولی کو منسوخ کرسکتی ہے۔زیر دستخطی بغیر وجہ بتائے نیلامی یا بولی کو منسوخ کرنے کا حق رکھتا ہے۔

المشتہر:

محمد طاہر حسین ایڈووکیٹ

(کورٹ آکشنر) چیمبر نمبر 07 بلاک A
تحصیل کورٹس پتوکی
0300-7557103

کشمیر میں ہندو اکثریت لانے کی کوشش ہو رہی ہے، مشعال ملک

مسئلہ کشمیر سے متعلق خصوصی کشمیر کمیٹی بنا دی، اسٹریٹیجک پالیسی میں کشمیر سے متعلق تجاویز دی جائیں گی، کشمیر کی آزادی تک جدوجہد جاری رہے گی

مقبوضہ کشمیر کی سیاسی قیادت کو جیلوں میں بند کر دیا گیا، ہمیں کشمیر پر طویل المدتی پالیسی بنانا ہوگی' یوم کشمیر کی مناسبت سے معاون خصوصی کا بیان

اسلام آباد(این این آئی) کشمیری رہنما اور نگران وزیراعظم کی معاون خصوصی مشعال ملک نے کہا ہے کہ ستمبر کے الیکشن میں کشمیر میں ہندوا کثریت لانے کی کوشش ہو رہی ہے۔ یوم یکجہتی کشمیر کی مناسبت سے اپنے بیان میں مشعال ملک کا کہنا تھا کہ 50لاکھ سے زائد بھارتیوں کو مقبوضہ کشمیر کے ڈومیسائل جاری کئے گئے، بھارت میں مسلمانوں کے تاریخی مقامات کو بھی تبدیل کیا جارہا ہے۔ انہوں نے مسئلہ کشمیر سے متعلق خصوصی کشمیر کمیٹی بنا دی گئی ہے اور(بقیہ نمبر23)

لاریب سویٹس اینڈ بیکرز کے سی ای او چوہدری ظفر حیات، رضوان صدیقی، قومی تاجر اتحاد لاہور کے جنرل سیکرٹری حافظ عابد علی ودیگر لاریب بیکرز کا افتتاح کر رہے ہیں

لاریب بیکرز اینڈ سویٹس کی لیاقت چوک میں نئی برانچ کا افتتاح

لاریب سویٹس اینڈ بیکرز معیار اور اعتماد کا نام ہے' سی ای او چوہدری ظفر حیات

لاہور(سٹی رپورٹر)لاریب بیکرز اینڈ سویٹس کی افتتاحی تقریب۔ لیاقت چوک سبزہ زار لاہور میں نئی برانچ کا افتتاح کیا گیا۔ اس موقع پر لاریب سویٹس اینڈ بیکرز کے سی ای او چوہدری ظفر حیات نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 12 ماہ میں 10ویں برانچ کا افتتاح کر رہے ہیں۔ لاریب سویٹس اینڈ بیکرز معیار اور اعتماد کا نام ہے۔ ہماری کوشش ہے اپنے صارفین کے اعتماد پر ہر صورت(بقیہ نمبر 25)

پاکستانی جیڈی، لکڑی کی نقاشی، کانسی کے مجسموں کی دھوم

بیجنگ کے روایتی میلے نے آمدہ بہار تہوار کے لئے خریداری کا جنون پیدا کر دیا

بیجنگ (این این آئی)چین کے وایتی میلے نے آمدہ بہار تہوار کے لئے خریداری کا جنون پیدا کر دیا، پاکستانی جیڈ، لکڑی کی نقاشی، کانسی کے مجسموں کی دھوم۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق ایک چینی گاہک نے پاکستانی کانسی کے ہرن کے مجسمے کی قیمت بارے پوچھا تو اسے بتایا گیا کہ 1,112 (8,000 ڈالر (اس کو کو ایک چینی گاہک نے پسند کیا اور کہا کہ ٹھیک ہے میں ایک لے لوں گا (بقیہ نمبر 26)

کشمیری شہدا کا لہو کبھی رائیگاں نہیں جائیگا، آزادی ملکر رہے گی' اسحٰق میو

ظالم مودی انسانیت کا قاتل بن چکا ہے، کشمیر میں سفاکیت کی انتہا ہو چکی عالمی ضمیر مردہ ہو چکا ہے

لاہور (این این آئی) آل پاکستان کالج فارمیسی ایسوسی ایشن کے مرکزی چیئرمین پروفیسر اسحٰق میو نے کہا ہے کہ کشمیری شہدا کا لہو کبھی رائیگاں نہیں جائیگا، آزادی ملکر رہے گی، ظالم مودی انسانیت کا قاتل بن چکا ہے، کشمیر میں سفاکیت کی انتہا ہو چکی عالمی ضمیر مردہ ہو چکا ہے، مسئلہ کشمیر پر اقوام عالم کی مسلسل خاموشی نے قصاب مودی کے ظلم کو تقویت دے کر انصاف کا قتل کیا۔ ان خیالا ت(بقیہ نمبر 27)

ن لیگ ہی عوام کی واحد نمائندہ جماعت ہے' رانا مبشر اقبال

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے حلقہ این اے 124 سے امیدوار رانا مبشر اقبال نے کہا ہے کہ انشااللہ 8فروری کو ملک کے چاروں کونوں میں شیر کی دھاڑ سنائی دے گی، قوم آج بھی نواز شریف کی دور حکومت کو یاد کرتے ہوئے اپنی امیدوں کو قائم رکھے ہوئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم پی اے کے امیدوار میاں عمران جاوید، رانا خالد قادری کے ہمراہ حلقے میں کثیر تعداد میں ورکرز سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ رانا مبشر اقبال نے کہ ملک میں ہونے والی مہنگائی بے روزگاری (بقیہ نمبر 24)

نواز شریف ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کریں گے' اعجاز حسین بھٹی

سانگلہ ہل (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے حلقہ پی پی 132 سے امیدوار میاں اعجاز حسین بھٹی نے کہا ہے کہ 08فروری مسلم لیگ (ن) کی کامیابی کا ایک تاریخی فتح کا دن ہوگا اور نئی صبح طلوع ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ بھر میں کارنر میٹنگز میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ میاں اعجاز حسین بھٹی نے کہا کہ 8فروری کو کامیابی کے بعد حلقہ کی تعمیر وترقی کے دور کا آغاز ہوگا اور حلقہ میں ادھورے منصوبوں کو فوری طور پر مکمل کریں گے۔ میں شکریہ ادا کرتا ہوں حلقہ کی عوام کا جو دن رات میری کامیابی کے لیے کوشاں ہے

ایوانوں میں بادشاہوں کی بجائے عام آدمی کو موقع دیا جائے' ذبیح اللہ بلگن

رائے ونڈ (این این آئی) جماعت اسلامی کے رہنما، امیدوار حلقہ این اے 125 ذبیح اللہ بلگن نے کہا ہے کہ 8فروری سابقہ حکمران جماعتوں کے لیے احتساب کا دن ہوگا، کامیاب ہوکر پاکستان کو بدامنی، مہنگائی، بے روزگاری اور امریکی غلامی سے آزاد کرائیں گے۔ انہوں نے انتخابی مہم کے دوران کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں گزشتہ چالیس سالوں سے دو خاندانوں کی بادشاہت ہے، ظالم جاگیردار اور کرپٹ سرمایہ دار(بقیہ نمبر51)

5 فروری 2024
کشمیر و فلسطین مارچ
مجاہدین کشمیر و فلسطین کی پرعزم جدوجہد کو سلام
FREE FREE PALESTINE
جماعت اسلامی لاہور

لاہور، جماعت اسلامی کے زیراہتمام یوم یکجہتی کشمیر وفلسطین مارچ مال روڈ سے گزر رہا ہے

یوم یکجہتی کشمیر، دفتر خارجہ سے ریلی نکالی گئی، ملازمین کی بڑی تعداد میں شرکت

ریلی کی قیادت سیکرٹری خارجہ سائرس سجاد قاضی اور ترجمان ممتاز زہرا بلوچ کر رہی تھیں' مرتضیٰ سولنگی، جمال شاہ، انیق احمد اور فواد حسن فواد بھی شریک ہوئے

یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی، کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر سائرن بجائے گئے

اسلام آباد(این این آئی)یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر دفتر خارجہ سے ریلی نکالی گئی۔ ریلی کی قیادت سیکرٹری خارجہ سائرس سجاد قاضی اور ترجمان ممتاز زہرا بلوچ کر رہی تھیں۔ ریلی میں وفاقی وزراء مرتضیٰ سولنگی، جمال شاہ، انیق احمد اور فواد حسن فواد بھی شریک ہوئے۔ ریلی میں دفتر خارجہ کے ملازمین بڑی تعداد میں موجود تھیں، ملازمین نے پاکستان اور آزاد کشمیر کے پرچم تھام رکھے تھے۔ یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے ترانے اور ملی نغمے بجائے گئے، ملازمین کشمیر کی(بقیہ نمبر 18)

فیصل آباد، سوسالہ قدیم گردوارہ بحال، مذہبی ہم آہنگی کی اعلیٰ مثال

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد کے نواحی گاؤں چک 57ج، ب کھیالہ کلاں کے رہائشیوں نے اپنے گاؤں کے قدیمی باشندوں کیاحترام میں 100 سالہ قدیم گردوارے کو اصل شکل میں بحال کر کے مذہبی ہم آہنگی اور رواداری کی اعلیٰ مثال قائم کی ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ گردوارے کے شمالی جانب گاو?ں کی جامع مسجد واقع ہے جبکہ مشرقی جانب گاوں کے مختلف بزرگ افراد کیمزارات اور آخری آرام گاہیں موجود ہیں لیکن گاو?ں کے باسیوں کی طرف سے تمام مذہبی مقامات کا یکساں احترام کیا جاتا ہے تختی بھی لگا دی

فیصل آباد، عطائی ڈاکٹر نے محنت کش کی 4 سالہ بچی کی جان لے لی

مکوآنہ (این این آئی)رمضان آباد میں عطائی ڈاکٹر نے محنت کش کی 4سالہ بچی کی جان لے لی' موٹرسائیکل سوار ڈاکوؤں نے ڈیلوری بوائے سے کھانا اور نقدی چھین لی جبکہ ڈکیتی مزاحمت اور قاتلانہ حملوں میں گولیاں لگنے سے 5افراد لہولہان ہو گئے، ملزمان موقع سے فرار ہوگئے، مضروبان کو طبی امداد کی غرض سے ہسپتال داخل کروا دیا گیا تفصیلات کے مطابق تھانہ منصور آباد کے علاقہ رمضان آباد کا رہائشی شہزاد بخار ہونے پر اپنی چار سالہ بیٹی عروج کو مقامی ڈاکٹر وقار علی کے علی کلینک پر لے کر گیا تو مذکورہ(بقیہ نمبر15)

لاہور ہائی کورٹ' 14سال سے قید سزائے موت کو عمر قید میں تبدیل

سرگودھا(این این آئی)لاہور ہائی کورٹ نے سرگودھا جیل میں 14 سال سے قید پھانسی کے منتظر قیدی کی سزائے موت کو عمر قید میں تبدیل کر دیا۔ سرگودھا کے قصبہ بھیرہ کے مقدمہ قتل کا مجرم لعل خان 14سال سے ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا میں قید پھانسی کا منتظر ہے جس نے 14 سال قبل 2008 کے دوران پرانی دشمنی پر فائرنگ کر کے مخالف کو قتل کر دیا۔ جس پر درج مقدمہ قتل کا فیصلہ سناتے ہوئے(بقیہ نمبر12)

96 NEWS
METRO NEWS
PUBLIC NEWS

شاہدرہ' اُمیدوار پی پی 145 عابد خان کا حلقہ میں بھرپور استقبال

پریشر ککر پر مہر لگائیں، خدمت کے تمام ریکارڈ توڑ دونگا: جلسے سے خطاب

لاہور(سیاسی رپورٹر)حلقہ پی پی 145 کے آزاد امیدوار عابد خان کا مختلف علاقوں میں والہانہ استقبال، گل پاشی، عوامی پذیرائی نے مقبولیت میں اضافہ کر دیا علاقے بھر میں صرف اور صرف عابد خان کے ہی چرچے مختلف برادریوں کی جانب سے مکمل حمایت کی یقین دہانی کروادی گئی مختلف علاقوں میں کارنر میٹنگ زور وشور سے جاری کارنر میٹنگز سے خطاب کرتے ہوئے امیدوار پی پی 145 عابد خان نے کہا کہ عوامی جذبہ دیکھ کر دلی خوشی محسوس کر رہا ہوں ،آپ 8فروری کو انتخابی نشان (بقیہ نمبر 16)

بھارتی کارروائیاں انسانیت کیخلاف سنگین جرائم ہیں' آصف خان

بھارتی کارروائیاں کشمیریوں کے جذبہ حریت کو پست نہیں کر سکتیں' چیئرمین ہوٹل ایسوسی ایشن

لاہور(پ ر)چیئرمین ہوٹل ایسوسی ایشن آصف خان نے کہا ہے کہ بھارتی کارروائیاں کشمیریوں کے جذبہ حریت کو پست نہیں کر سکتیں۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی حکومت کی جانب سے بنیادی حقوق کی پامالی، بے رحمانہ قتل، عصمت دری اور تشدد کا سلسلہ جاری ہے، مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فوج کی جانب سے مسلسل جبر اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر شدید تشویش ہے۔ (بقیہ نمبر 14)

ہمیں کشمیر پر طویل المدتی پالیسی بنانا ہوگی' چوہدری ارشد گجر

مقبوضہ علاقے میں ہندوا کثریت لانے کی کوشش ہو رہی' کشمیر کی آزادی تک جدوجہد جاری رہے گی

لاہور(نیوز رپورٹر) چیئرمین امن کمیٹی لاہور چوہدری ارشد گجر نے کہا کہ ستمبر کے الیکشن میں کشمیر میں ہندوا کثریت لانے کی کوشش ہو رہی ہے۔ یوم یکجہتی کشمیر کی مناسبت سے اپنے بیان میں چوہدری ارشد گجر کا کہنا تھا کہ 50لاکھ سے زائد بھارتیوں کو مقبوضہ کشمیر کے ڈومیسائل جاری کئے گئے، بھارت میں مسلمانوں کے تاریخی مقامات کو بھی تبدیل کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ کشمیر کی آزادی تک (بقیہ نمبر13)

5 فروری
یوم یکجہتی کشمیر
منجانب: کشمیری طلبہ پنجاب یونیورسٹی

لاہور، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود پنجاب یونیورسٹی کے زیراہتمام یوم یکجہتی کشمیر کے سلسلے میں منعقدہ ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

مسئلہ کشمیر کا حل صرف پاکستان اور بھارت کے لیے ہی نہیں بلکہ وسیع تر عالمی برادری کے لیے بھی تشویش کا باعث ہے

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) ملک کی طرح نوشہرہ ورکاں تحصیل پریس کلب رجسٹرڈ اور تتلیعالی پریس کلب رجسٹرڈ میں بھی یوم کشمیر یکجہتی کے حوالے سے نوشہرہ ورکاں تحصیل پریس کلب رجسٹرڈ کے صدر چوہدری محمد امین گورایہ نمبردار۔ تتلیعالی پریس کلب رجسٹرڈ کے صدر محمد لطیف گادی۔ جنرل سیکرٹری ثناءاللہ خاں۔ وائس چیئرمین ڈاکٹر محمد آصف بٹ سمیت صحافیوں نے دونوں پریس کلبوں میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کشمیر میں انسانی حقوق کے تحفظ صحافتی حلقوں میں تشویش اور کام سے روکا جاتا ہے اجلاس میں ڈاکٹر عرفان انجم۔ محمد اکرم مہر۔ اشفاق احمد ڈوگر۔ ڈاکٹر محمد شفقت انصاری۔ غضنفر امین گورایہ۔ عامر محمود گورایہ۔ صہیب امین گورایہ۔ ایم اے شاہین سمیت دیگر صحافیوں نے شرکت کی مسئلہ کشمیر کا حل صرف پاکستان اور بھارت کے لیے ہی نہیں بلکہ وسیع تر عالمی برادری کے لیے بھی تشویش کا باعث ہے تنازع کا کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق منصفانہ حل نہ صرف خطے میں امن لائے گا بلکہ جنوبی ایشیا میں استحکام اور سلامتی میں بھی معاون ثابت ہوگا یوم یکجہتی کشمیر پر آیئے ہم تنازعہ کا پرامن حل تلاش کرنے کے لیے اپنی کوششوں کی تجدید کریں اور ہم جموں کشمیر کے لوگوں کی آزادی اور خود ارادیت کی جدوجہد میں ان کے ساتھ یکجہتی کے ساتھ کھڑے ہیں خطے میں امن قائم ہو اور جموں کشمیر کے لوگوں کے حقوق کا احترام کیا جائیا یک ذمہ دار اور امن پسند قوم کی حیثیت سے ہمیں تمام عالمی فورمز پر جموں کشمیر کے مظلوم عوام کے لیے اپنی آواز بلند کرتے رہنا چاہیے۔ ہمیں یاد رکھنا چاہیے کہ مسئلہ کشمیر کا حل خطے میں امن واستحکام کی کلید ہیہم عالمی برادری سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ کشمیر میں ہونے والی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر سخت موقف اختیار کرے اور تنازع کے پرامن اور منصفانہ حل کے لیے دباؤ ڈالے۔ ہم بھارتی حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ جموں کشمیر کے لوگوں کے خلاف اپنے مظالم کو فوری طور پر بند کرے اوران کے حق خودارادیت کا احترام کرے

8فروری کو محبّ وطن پاکستانی عوام مسلم لیگ نون کو ووٹ دے کر ملک میں ترقی اور خوشحالی کی بنیاد رکھیں گے، میاں زاہدالرحمٰن رمدے

کمالیہ)نامہ نگار(صدر کسان ونگ مسلم لیگ نون میاں زاہدالرحمٰن رمدے نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ 8فروری کو محبّ وطن پاکستانی عوام مسلم لیگ نون کو ووٹ دے کر ملک میں ترقی اور خوشحالی کی بنیاد رکھیں گے مسلم لیگ نون عام انتخابات میں بھاری اکثریت سے کامیاب ہوگی اور میاں نواز شریف چوتھی بار وزیراعظم منتخب ہوں گے انکی قیادت میں میں ملک ایک بار پھر ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا میاں زاہدالرحمٰن نے مزید کہا کہ مسلم لیگ نون پوری تیاری سے میدان میں اترے گی اور میاں محمد نواز شریف پر جھوٹے کیس بنا کر قومی خزانے کو بھاری نقصان پہنچایا گیا زرعی شعبہ تباہ ہو کر رہ گیا زرعی ادویات اور کھاد کی قیمت میں بے پناہ اضافہ اور کھاد کی عدم دستیابی نے شعبہ زراعت کو بے پناہ نقصان پہنچایا مسلم لیگ نون کی حکومت کے ساتھ کسان پھر سے خوشحال ہوگا اور ملک ترقی کی نئی منازل طے کرے گا

8فروری کو ہونے والے عام انتخابات کو پرامن اور منصفانہ انعقاد کے لیے الیکشن کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ ضابطہ اخلاق پر عمل درآمد کو ہر صورت یقینی بنائیں

سرائےعالمگیر) نامہ نگار (امیدواران قومی و صوبائی اسمبلی ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں8فروری کو ہونے والے عام انتخابات کو پرامن اور منصفانہ انعقاد کے لیے الیکشن کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ ضابطہ اخلاق پر عمل درآمد کو ہر صورت یقینی بنائیں یہ بات ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر صفدر حسین ورک نے امیدواران قومی وصوبائی اسمبلی سے گفتگو کرتے ہوئے کہی اس موقع پر ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر قیصر نعیم اعظم ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر خالد محمود فوکل پرسن ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر افضل حیات تارڑ سمیت دوسرے افسران بھی موجود تھے ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر نے کہا کہ الیکشن ایجنٹس پولنگ ایجنٹس سرکاری ملازمین واہلکاروں پر بھی لازم ہے خلاف ورزی کے مرتکب افراد کے خلاف الیکشن کمیشن کے قوانین کے مطابق کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

8 فروری کو عام انتخابات ضلع گجرات کے پولیس افسران واہلکاروں کی چھٹیاں منسوخ

سرائےعالمگیر) نامہ نگار)8فروری کو عام انتخابات ضلع گجرات کے پولیس افسران واہلکاروں کی چھٹیاں منسوخ ضلع گجرات کے چار قومی و8 صوبائی اسمبلی کے حلقوں میں ہونے والے عام انتخابات کے موقع پر پولیس افسران واہلکاروں کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئیں جبکہ 8فروری کو ساڑھے پانچ ہزار سے زائد پولیس افسران و اہلکار اپنی ڈیوٹیاں انجام دیں گے یہ بات ایس پی انویسٹیگیشن مہر ریاض احمد ناز نے بتائی

8فروری کو ہونیوالے عام انتخابات کی بنا پر قومی وصوبائی اسمبلی کے امیدواروں کی جانب سے جوڑ توڑ کا سلسلہ جاری ہے

چشتیاں)چوھدری عثمان) 8فروری کو ہونیوالے عام انتخابات کی بنا پر قومی وصوبائی اسمبلی کیامیدواروں کی جانب سے جوڑ توڑ کا سلسلہ جاری ہے اور سیاسی سرگرمیاں عروج پر پہنچتے ہوئے آخری مراحل میں ہیں تفصیلات کے مطابقبہاولنگر ضلع قومی اسمبلی کے 4حلقوں این اے۔ 160,161,162,163اور صوبائی اسمبلیوں کے 8حلقوں پی پی 237,238,239,240,241,242,243,244 پرمشتمل ہے اور ضلع کی کل آبادی:3550342 ضلع کے کل ووٹرز:1877333 ضلع کے کل مرد ووٹرز: 1026003 ضلع کی کل خواتین ووٹرز: 851330 ضلع کے کل پولنگ اسٹیشنز ،1340 ضلع کے کل مرد پولنگ اسٹیشنز ،281 ضلع کی خواتین پولنگ اسٹیشنز ،256 ضلع کے مشترکہ پولنگ اسٹیشنز کی تعداد 803 ہے۔)حلقہ این اے(160 حلقہ کی آبادی:870484 حلقہ میں کل ووٹرز رجسٹرڈ: 441348 کل مرد ووٹرز:242773 کل خواتین ووٹرز:198575 کل پولنگ اسٹیشنز ،316 کل مرد پولنگ اسٹیشنز ،52 کل خواتین پولنگ اسٹیشنز ، 48اور مشترکہ پولنگ اسٹیشنز کی تعداد 216 ہے اور *حلقہ میں الیکشن کے حوالے سے اہم کردار ادا کرنے والی برادریوں میں گدو کے ،کالوکا، جوئیہ، راجپوت، آرائیں، جٹ، ملک دیگر شامل ہیں اور الیکشن 2024 کے لئے کل 12 امیدوار میدان میں ہیں جن میں عبدالغفار کالوکا وٹو مسلم لیگ ن، نور محمد غفاری پاکستان تحریک انصاف، حافظ محمد سعد رضوی تحریک لبیک پاکستان، محمد عاصم تحریک عظمت پاکستان و دیگر شامل ہیں۔ قومی اسمبلی کے اس حلقے کا 2018 میں این اے 166 تھا اس حلقے سے آزاد حیثیت سے عبدالغفار کالوکا وٹو 102385 ووٹ لیکر کامیاب ہوئے جبکہ پاکستان تحریک انصاف کے سید اصغر شاہ 91540 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے مزکورہ حلقے کا نمبر 2013 میں این اے 188 تھا یہاں سے آزاد امیدوار سید اصغر شاہ 90537 ووٹ لیکر کامیاب ہوئے جبکہ مسلم لیگ ن کے خادم حسین کالوکا وٹو 89262 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے) حلقہ این اے(161 حلقہ کی آبادی: 900954 حلقہ میں کل ووٹرز رجسٹرڈ:459968 کل مرد ووٹرز:251998 کل خواتین ووٹرز: 207970 کل پولنگ اسٹیشنز ،327 کل مرد پولنگ اسٹیشنز ،101 کل خواتین پولنگ اسٹیشنز ،88 مشترکہ پولنگ اسٹیشنز کی تعداد 138 ہے اور حلقہ میں الیکشن کے حوالے سے اہم کردار ادا کرنے والی اکثریتی برادریوں میں ،جوئیہ، راجپوت، آرائیں، جٹ، ملک دیگر برادریاں شامل ہیں۔ الیکشن 2024 کے لئے کل 22 امیدوار میدان میں ہیں جن میں میاں عالم داد لالیکا مسلم لیگ ن، شاہد امین پاکستان تحریک انصاف، محمد آفتاب تحریک لبیک پاکستان، ارسلان خان خاکوانی جماعت اسلامی، حافظ امیر حمزہ پاکستان مرکزی مسلم لیگ، امتیاز عالم گیلانی حقوق خلق پارٹی، راو مجیب الرحمٰن پاکستان پیپلز پارٹی ودیگر شامل ہیں قومی اسمبلی کے اس حلقے کا 2018 میں این اے 167 تھا یہاں سے مسلم لیگ ن کے امیدوار عالم داد لالیکا 91540 ووٹ لیکر کامیاب جبکہ تحریک انصاف کے ممتاز احمد متیانہ 49772 ووٹ لیکر دوسرے نمبر رہے مزکورہ حلقے کا نمبر 2013 میں 189 تھا مسلم لیگ ن کے عالم داد لالیکا 95060 ووٹ لیکر کامیاب جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی کے ممتاز احمد متیانہ 46685 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے) حلقہ این اے (162 حلقہ کی آبادی:854974 حلقہ میں کل ووٹرز رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 487317 ہے جن میں کل مرد ووٹرز: 263703 اور کل خواتین ووٹرز:223614 کل پولنگ اسٹیشنز ،348 کل مرد پولنگ اسٹیشنز 60 کل خواتین پولنگ اسٹیشنز 57 اور مشترکہ پولنگ اسٹیشنز کی تعداد 231 ہے اور الیکشن کے حوالے اہم کردار ادا کرنے والی اکثریتی برادریوں میں ارائیں، جٹ، جوئیہ، راجپوت، ،ملک اور دیگر برادریاں شامل ہیں۔ الیکشن 2024 کے لئے کل 18 امیدوار میدان میں ہیں جن میں احسان الحق باجوہ مسلم لیگ ن، چوہدری خلیل احمد پاکستان تحریک انصاف، محمد اطہر تحریک لبیک پاکستان، افتخار ندیم جماعت اسلامی، محمد اللہ داد چیمہ مسلم لیگ ضیا، میاں محمد لالیکا پاکستان پیپلز پارٹی ودیگر شامل ہیں قومی اسمبلی کے اس حلقے کا نمبر 2018 میں این اے 168 تھا یہاں مسلم لیگ ن احسان الحق باجوہ 124447 ووٹ لیکر کامیاب جبکہ تحریک انصاف کی فاطمہ ظاہر چیمہ 74993 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہی۔ اس حلقے کا نمبر 2013 میں این اے 190 تھا یہاں سے طاہر بشیر چیمہ مسلم لیگ ن کے کامیاب ہوئے جبکہ مسلم لیگ ضیا اعجاز الحق 49170 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے)حلقہ این اے (163 حلقہ کی آبادی: 923930 ہے اور حلقہ میں کل رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد: 488700 ہے جن میں کل مرد ووٹرز: 267529 کل خواتین ووٹرز:2221171 کل پولنگ اسٹیشنز ،349 کل مرد پولنگ اسٹیشنز ، 68 کل خواتین پولنگ اسٹیشنز ، 63اور مشترکہ پولنگ اسٹیشنز کی تعداد، 218 ہے اور مزکورہ میں الیکشن کے حوالے سے اہم کردار ادا کرنے والی اکثریتی برادریوں میں رحمانی، جوئیہ، راجپوت، آرائیں، جٹ، ملک اور دیگر برادریاں شامل ہیں الیکشن 2024 کے لئے کل 18امیدوار میدان میں ہیں جن میں نور الحسن تنویر مسلم لیگ ن، شوکت محمود بسرا پاکستان تحریک انصاف، حافظ محمد احمد بخاری تحریک لبیک پاکستان، محمد عمر فاروق جماعت اسلامی، محمد اعجاز الحق مسلم لیگ ضیا، اعتزاز رشید پاکستان پیپلز پارٹی، حافظ امیر حمزہ پاکستان مرکزی مسلم لیگ، وحید احمد جمعیت علمائے اسلام پاکستان ودیگر شامل ہیں قومی اسمبلی کے اس حلقے کا نمبر 2018 میں این اے 169 تھا یہاں سے مسلم لیگ ن کے نور الحسن تنویر 91818 ووٹ لیکر کامیاب جبکہ مسلم لیگ ضیا اعجاز الحق 72553 ووٹ لیکر دوسرے نمبر رہے مزکورہ حلقے کا نمبر 2013 میں این اے 191 نمبر تھا یہاں سے مسلم لیگ ضیا کے محمد اعجاز الحق 79306 ووٹ لیکر کامیاب جبکہ مسلم لیگ ن کے میاں عبدالرشید 55037 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے تھے#

میدانی علاقوں کو شدید دھند نے گھیر لیا، موٹرویز مختلف مقامات سے بند

لاہور(این این آئی) پنجاب کے میدانی علاقوں کو ایک بار پھر شدید دھند نے گھیر لیا، دھند کے باعث موٹرویز کو مختلف مقامات سے بند رکھا گیا۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق شدید دھند کی وجہ سے موٹروے ایم 2 کو ٹھوکر نیاز بیگ سے فاروق آباد، ایم 3 کو فیض پور سے درخانہ، ایم 4 کو شام کوٹ سے شور کوٹ انٹرچینج، شیر شاہ انٹرچینج، گوجرہ سے فیصل آباد اور عبدالحکیم سے پنڈی بھٹیاں تک بند رکھا گیا۔ ترجمان کے مطابق ایم 5 کو شیر شاہ سے جلال پور، اقبال آباد انٹرچینج سے روہڑی اور ایم 11 کو لاہور سیالکوٹ موٹروے مین ٹول پلازہ سے سمبڑیال مین ٹول پلازہ تک ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند رکھا گیا

مرگی سے بچاؤ کا عالمی دن 14فروری کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں مرگی سے بچاؤ کا عالمی دن 14 فروری بروز کو منایا جائے گا۔ اس سلسلہ میں محکمہ صحت اور این جی اوز کے زیراہتمام فیصل آباد سمیت ملک بھر میں آگاہی واکس اور سیمینارز انعقاد پذیر ہوں گے جس میں مقررین ڈاکٹرز مرگی سے بچاؤ کے متعلق احتیاطی تدابیر سے آگاہی فراہم کریں گے الیکٹرانک میڈیا پروگرامز نشر اور پرنٹ میڈیا فیچر شائع کریں گے۔

مسئلہ کشمیر' سفارتی سطح پر کوششوں میں تیزی لانی ہوگی' کارپٹ ایسوسی ایشن

لاہور(این این آئی)پاکستان کارپٹ مینو فیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ پاکستانی قوم نے ثابت کر دیا ہے کہ ہم اپنے کشمیری بھائیوں کی آزادی کی تحریک میں ان کے ساتھ ہیں ،کشمیر کے دیرینہ معاملے کے حل کیلئے سفارتی سطح پر کوششوں میں تیزی لانی ہوگی اور دنیا کو ہر لمحے بھارت کے غاصبانہ قبضے اور مظالم سے آگاہ کیا جائے۔ ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین عثمان اشرف، کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے چیئر پرسن (بقیہ نمبر 4)

کشمیر پاکستان کی شہ رگ، زیادہ دیر تک دبایا نہیں جاسکتا' قاری اعظم حسین

لاہور (این این آئی) جمعیت علما اسلام (س) کے مرکزی سالار وامیر لاہور مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ، زیادہ دیر تک دبایا نہیں جاسکتا، کشمیر ہماری رگوں میں خون کی طرح دوڑتا ہے، کشمیر پاکستان اور پاکستان کشمیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی ناظم اعلی مولانا ایوب خان ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی لاہور کے ناظم اعلی مولانا طیب عثمانی نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی قاری واحد بخش قاری رحمت اللہ لاشاری انجینئر خالد ٹیپو عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنما وں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ظلم پھر ظلم ہے بڑھتا ہے تو مٹ جاتا ہے یہ بات افغانستان کی آزادی اور نہتے فلسطینیوں کی یلغار سے ظاہر ہے، جمعیت کے منشور میں یہ بات شامل ہے کہ ہر ظالم سے بغاوت اور ہر مظلوم کی حمایت ہم اپنے اسی منشور کے تحت مظلوم کشمیریوں کی حمایت جاری رکھے گے اور پانچ فروری کو یوم آزادی کشمیر کے طور پر منا رہے ہیں۔

قصور ڈپٹی کمشنر ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر محمد ارشد بھٹی کا جنرل الیکشن 2024 کے سلسلہ میں بلک سینٹر اور سٹور رومز کا دورہ

قصور)ڈسٹرکٹ رپورٹر محمد انیس سے(قصور ڈپٹی کمشنر ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر محمد ارشد بھٹی کا جنرل الیکشن 2024 کے سلسلہ میں بلک سینٹر اور سٹور رومز کا دورہ۔ الیکشن سامان کی تقسیم و وصولی کیلئے کئے گئے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر نے گورنمنٹ گریجوایٹ کالج فار بوائز میں قائم بلک سینٹر والیکشن سامان سٹور روم کا اچانک دورہ کیا۔ الیکشن سامان کی تقسیم وصولی کیلئے مختص جگہ، پارکنگ، لائٹنگ، صفائی ستھرائی، سٹور رومز، سیکورٹی، کنٹرول روم، سٹاف کی تعیناتی سمیت دیگر انتظامات کو چیک کیا۔ بلک سینٹر اور سٹور رومز میں الیکشن سامان کی تقسیم اور وصولی کیلئے بہترین انتظامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر تنویر احمد خان، اسسٹنٹ کمشنر ریٹرننگ آفیسر رضوان الحق پوری بھی ہمراہ تھے۔ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر نے ڈی سی آفس میں قائم پی ڈی ایم کے ڈسٹرکٹ کنٹرول روم کا بھی دورہ کیا

ڈپٹی کمشنر/ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر قصور محمد ارشد بھٹی اور ڈی پی او طارق عزیز کے زیر صدارت الیکشن کے حوالے سے اہم اجلاس

KASUR DISTRICT

قصور) بیورو چیف شفاقت علی چوہدری سے(ڈپٹی کمشنر/ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر قصور محمد ارشد بھٹی اور ڈی پی او طارق عزیز کے زیر صدارت عام انتخابات کے حوالے سے انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے اہم اجلاس گزشتہ روز ڈی سی کیمپ آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پاک آرمی اور دیگر ضلعی افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیکورٹی، ٹرانسپورٹیشن پلان، پولنگ سکیم، پولنگ اسٹیشنز پر سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب ودیگر انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر کا کہنا تھا کہ امن وامان کے قیام کے لیے ضلعی پولیس، پاک آرمی، رینجر اور قانون نافذ کرنیوالے اداروں سے قریبی رابطہ رکھا جائیگا۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری ضابطہ اخلاق پر عمل درآمد کو سو فیصد یقینی بنایا جائیگا۔ الیکشن میٹریل والے مقامات پر سیکورٹی کو ہائی الرٹ رکھا گیا ہے۔ عام انتخابات کے پرامن انعقاد کیلئے انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ پولنگ ڈے پر سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کئے جائینگے۔

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی گوجرانوالہ ایکسپریس وے کو ٹریفک کیلئے کھولنے کے بعد میڈیا سے گفتگو

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) وزیراعلی پنجاب محسن نقوی کی گوجرانوالہ ایکسپریس وے کو ٹریفک کیلئے کھولنے کے بعد میڈیا سے گفتگو آج گوجرانوالہ ایکسپریس وے ٹریفک کیلئے کھل جائے گی ایکسپریس وے کو مکمل کرنے میں لوگوں کی انتھک محنت شامل ہیسیکرٹری تعمیرا ت وسواصلات نے گوجرانوالہ ایکسپریس وے کے متعدد دورے کیے ہیں، مقامی انتظامیہ نے بھی بہت محنت کیرمضان المبارک میں مفت آٹے کی تقسیم کے حوالے سے دورے کے دوران فیصلہ کیا کہ گوجرانوالہ کو موٹروے سے لنک کرنا ہیچیف سیکرٹری زاہد اختر زمان نے گوجرانوالہ ایکسپریس وے سے متعلق امور برق رفتاری سے طے کیے اور کام شروع کرادیا جو کہ مکمل ہو چکا ہیگوجرانوالہ ایکسپریس وے تعمیر کرنے کیلئے اراضی کے حصول کیلئے کمشنر گوجرانوالہ اوران کی ٹیم نے بہت محنت کیہماری خوش نصیبی تھی کہ کرنل عمران جیسے افسران گوجرانوالہ ایکسپریس وے کی تکمیل کیلئے محنت سے کام کرتے رہیرات کے دو بجے بھی اگر گوجرانوالہ ایکسپریس وے کا دورہ کرتے تھے تو کرنل عمران ہمیں یہی نظر آتے تھا یک دفعہ بغیر آگاہ کیے دورہ کیا تو دیکھا کہ کرنل عمران برج پر کھڑے تھیساری ٹیم نے گوجرانوالہ ایکسپریس وے کی تعمیر کیلئے دن رات محنت کی ہے، شاباش کی مستحق ہیں گوجرانوالہ کے شہریوں کو ایکسپریس وے کی مبارک دیتا ہوں محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ نے بھی گوجرانوالہ ایکسپریس وے کی تعمیر کیلئے بہت محنت کی ہیگوجرانوالہ ایکسپریس وے کے اطراف کمرشل ایریا ڈویلپ کیا جائے گا گوجرانوالہ ایکسپریس وے سے چن دا قلعہ تک اور ہیڈ برج بنارہے ہیں شہریوں کیلئے ایک اور خوشخبری ہے، تھوڑی دیر تک سیف سٹی پراجیکٹ کا افتتاح کرنے جا رہے ہیں سیف سٹی پراجیکٹ شہریوں کیلئے بہت مفید ثابت ہوگا سیف سٹی پراجیکٹ کے آغاز سے الیکشن میں نگرانی کیلئے بھی مدد ملے گی ایکسپریس وے بننے سے لاہور اور گوجرانوالہ کے درمیان فاصلہ 45منٹ کا رہ گیا ہیجس ٹیم نے گوجرانوالہ ایکسپریس وے کی تعمیر کیلئے دن رات محنت کی اللہ ان کو سرخرو کرے گوجرانوالہ کیلئے سگنل فری پراجیکٹ نہایت اہم ہیپنڈ روڈ، ایس ایل تھری اور درجنوں دیگر پراجیکٹ تکمیل کے بالکل قریب ہیں۔

پیپلز پارٹی کو حکومت ملی تو لاکھوں گھر تعمیر کر کے دیں گے' آصفہ بھٹو

شہر ہو یا گاؤں، ہم مفت علاج دیتے ہیں، جو کسی دوسرے صوبے میں موجود نہیں' عوام ہمارے ساتھ کھڑے ہیں تو ہم بھی عوام کے ساتھ کھڑے ہیں

سیلاب کے باعث بہت نقصان ہوا، حکومت ملی تو لاکھوں گھر تعمیر کریں گے' عوام بتائے جب وہ مشکل میں تھے تو کونسا لیڈر یا پارٹی ان کیساتھ موجود تھی

لاڑکانہ (مانیٹرنگ ڈیسک) آصفہ بھٹو زرداری نے کہا کہ پیپلز پارٹی کو حکومت ملی تو عوام کو لاکھوں گھر تعمیر کر کے دیں گے۔ آصفہ بھٹو زرداری نے پیپلز پارٹی کے کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج میں آپ کے سامنے بلاول بھٹو اور پارٹی کی کامیابیوں پر نظر ڈالنے کے لئے آئی ہوں، شہر ہو یا گاؤں ہم مفت علاج دیتے ہیں، جو کسی دوسرے صوبے میں موجود نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ گمبٹ جیسے چھوٹے شہر میں ملکی لیول کا بہترین ہسپتال بنایا، عوام (بقیہ نمبر 5)

5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کو خاص اہمیت حاصل ہے، شیخ نعیم طاہر

کشمیر کے فلسفہ پر روز روشن کی طرح عیاں ہے اور پاکستان کی شہ رگ ہے

سرگودھا(این این آئی)علماء مشائخ ونگ مسلم لیگ ن کے ڈویژنل سیکرٹری اطلاعات شیخ نعیم طاہر نے کہا کہ ویسے تو پورا سال پاکستانی کشمیریوں سے اپنی محبت کا اظہار کرتے ہیں لیکن 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کو خاص اہمیت حاصل ہے جس کے زریعے پوری قوم اپنے کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے ساتھ حق خودارادیت کے لئے عالمی سطح پر اپنی آواز کو بلند کرتی ہے۔ علماء مشائخ ونگ مسلم لیگ (بقیہ نمبر 6)

LAHORE PRESS CLUB

لاہور، یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر لاہور پریس کلب کی عمارت پر پاکستان اور کشمیر کا پرچم لہرا رہا ہے

6ماہ میں پٹرولیم لیوی کی مد میں عوام سے 472ارب روپے وصول

پٹرولیم لیوی گزشتہ برس اِسی مدت کے مقابلے میں 166 فیصد زیادہ ہے

اسلام آباد(این این آئی)حکومت نے پیٹرولیم لیوی کی مد میں 6 ماہ کے دوران عوام سے 472ارب روپے وصول کیے ہیں جو گزشتہ برس اِسی مدت کے دوران وصول کی جانے والی لیوی سے یہ وصولی166 فیصد زیادہ ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق رواں مالی سال کی پہلی ششماہی کے دوران وصول کی جانے پیٹرولیم لیوی پورے مالی سال کے لیے بجٹ کی مجوزہ پیٹرولیم لیوی کا 54 فیصد ہے۔ رواں (بقیہ نمبر8)

400یونٹس سے زیادہ بجلی استعمال کرنیوالوں کے بل بڑھنے کا خدشہ

تجاویز پر عملدرآمد کے نتیجے میں صنعتی شعبوں کو بجلی کے بلوں کی مد میں 29 فیصد تک بچت ہوگی

مکوآنہ (این این آئی)حکومت نے رہائشی صارفین پر بوجھ بڑھانے کی تیاری کر لی جس کے تحت 400 یونٹس سے زیادہ بجلی استعمال کرنے والوں کے بل بڑھنے کا خدشہ ہے۔ آئی ایم ایف نے صنعتی شعبے پر سبسڈی کا بوجھ کم کرنے اور صنعتی شعبے کے بجلی کے بلوں میں کمی لانے کیلئے اسپیشل انویسٹمنٹ فیسلیٹیشن کونسل کی تجاویز پر غور کرنے پر رضامندی ظاہر کر دی ہے، تجاویز پر عملدرآمد کے نتیجے میں صنعتی شعبوں(بقیہ نمبر9)

جماعت اہلحدیث پاکستان

جماعت اہلحدیث پاکستان چوک دالگرہ میں یوم یکجہتی کشمیر وفلسطین ریلی کی قیادت حافظ عبدالغفار، پروفیسر الجمید ودیگر کر رہے ہیں

حماس کا 15اسرائیلی فوجی مارنے کا دعویٰ' 43فوجی گاڑیاں بھی تباہ کر دیں' القسام بریگیڈ

تل ابیب (این این آئی)حماس نے چند روز میں 15اسرائیلی فوجی مارنے کا دعوی کیا ہے۔ غیر ملکی خبررساں ادارے کے مطابق ترجمان القسام بریگیڈ کا کہنا تھا کہ حملے میں اسرائیل کی 43فوجی گاڑیاں تباہ کر دی ہیں۔ حملے میں اسرائیل کے 4فوجی ڈرون قبضے میں لیے گئے جبکہ تل ابیب پر بھی راکٹ حملے کیے گئے۔ دوسری جانب اسرائیلی طیاروں کی بمباری سے مزید 130 سے زیادہ فلسطینی شہید ہو گئے۔

دھمکیاں لگا کر ووٹ مانگنے والے عوام کے مستقبل کے دشمن ہیں، سردار آصف نکئی

پتوکی (این این آئی)سابق صوبائی وزیر پنجاب آزاد امیدوار پی پی 183سردار محمد آصف نکئی نے مختلف انتخابی جلسوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دھمکیاں لگا کر ووٹ مانگنے والے آپ کے مستقبل کے دشمن ہیں حلقہ کی عوام دھمکیاں لگا کر ووٹ مانگنے والوں کو کسی بھی صورت ووٹ نہ دیں میرے سیاسی مخالفین بوکھلاہٹ کا شکار ہیں حلقہ پی پی183 کی عوام سے کہتا ہوں آپکو ان سے ڈرنے وگھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں الیکشن میں ہار جیت مقدر ہوتی ہے لیکن ایسی گری ہوئی باتیں سیاستدانوں کو زیب نہیں دیتی حلقہ کی ترقی وخوشحالی کیلئے دن رات کوشاں ہوں (بقیہ نمبر 7)

فول پروف سکیورٹی کی فراہمی لاہور پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے' سی سی پی او

لاہور (این این آئی)عام انتخابات 2024ء کے دوران فول پروف سکیورٹی کی فراہمی لاہور پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے، نقص امن کے خدشہ کے پیش نظر پرانی دشمنی رکھنے والے حساس حلقوں کے افراد کے کلندرے مرتب کریں اور انہیں پابند ضمانت کروائیں۔ کیپٹل سٹی پولیس آفیسر لاہور بلال صدیق کمیانہ نے انتخابی مہم اور پولنگ ڈے پر کسی قسم کی غیر قانونی حرکت کی صورت میں فوری (بقیہ نمبر52)

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر و پبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔0320-1420226